درسِ نظامی کے نصاب میں شامل عربی ادب کی ابتدائی کتاب
"نصاب الادب" کا اُردو ترجمہ مع حل تمارین

بنام

ایضاح الادب
فی حل
نصاب الادب

مترجم

مولانا محمد اخلاق مدنی عطاری حفظہ اللہ

درسِ نظامی کے نصاب میں شامل عربی ادب کی ابتدائی کتاب

"نصاب الادب" کا اردو ترجمہ مع حل تمارین

بنام

ایضاح الادب فی حل نصاب الادب

مترجم

حضرت مولانا محمد اخلاق مدنی عطاری حَفِظَہُ اللہ

Muhammad aKhlaq madani attari

نام کتاب : إِيْضَاحُ الْأَدَبِ فِيْ حَلِّ نِصَابِ الْأَدَبِ

مصنف : مولانا محمد اخلاق مدنی صاحب

کمپوزنگ : محمد اخلاق مدنی

پروف ریڈنگ: مولانا محمد مظہر زرداری مدنی عطاری

ناشر :

تعداد :

ہدیہ :

فہرست

تھدیہ

میرے تمام اساتذہ کرام کے نام

جن کی انتھک محنتوں، شفقتوں اور دعاؤں کی بدولت

عاجز اس ادنٰی سی کاوش پر آمادہ ہوا ہے اور اس کام کو پایۂ تکمیل تک پہنچایا ہے۔

محمد اخلاق مدنی عطاری

مدرسِ جامعۃ المدینہ خان پور، ضلع رحیم یار خان، پنجاب، پاکستان

نوٹ:

اگر اس کتاب میں آپ کسی طرح کی کوئی غلَطی پائیں تو ہدفِ تنقید نہ بنائیں

بلکہ خلوصِ نیت کے ساتھ ہمیں مطلع کریں

سبق 1

اَلْغُرَابُ (کوّا)

عَطِشَ غُرَابٌ وَأَخَذَ يَبْحَثُ عَنِ الْمَاءِ لِيُرْوِيَ عَطَشَهُ۔

ایک کوا پیاسا ہو گیا/ایک کوے کو پیاس لگی اور وہ پانی تلاش کرنے لگا تاکہ وہ اپنی پیاس بجھائے۔

فَرَأٰى جَرَّةً فِيْهَا مَاءٌ قَلِيْلٌ، فَحَاوَلَ الْغُرَابُ أَنْ يَشْرَبَ فَلَمْ يَسْتَطِعْ لِأَنَّ الْمَاءَ كَانَ فِيْ قَاعِ الْجَرَّةِ۔

چنانچہ اس نے مٹی کا ایک گھڑا/مٹکا دیکھا، جس میں تھوڑا سا پانی تھا پس کوے نے کوشش کی کہ وہ (پانی) پئے پس وہ (اس پر) قادر نہ ہو سکا کیوں کہ پانی گھڑے کی تہ میں تھا۔

فَطَارَ الْغُرَابُ وَأَحْضَرَ حَصَاةً وَرَمَاهَا فِي الْجَرَّةِ فَارْتَفَعَ الْمَاءُ قَلِيْلًا۔

پس کوا اُڑا اور ایک کنکری لایا اور اسے گھڑے میں پھینک دیا تو پانی تھوڑا بلند ہو گیا/چڑھ آیا۔

ثُمَّ أَحْضَرَ الْغُرَابُ حَصَاةً ثَانِيَةً وَّ ثَالِثَةً وَّ رَابِعَةً وَّ رَمَاهَا فِي الْجَرَّةِ۔

پھر کوا دوسری اور تیسری اور چوتھی کنکری لے آیا اور انہیں گھڑے میں پھینک دیا۔

فَارْتَفَعَ الْمَاءُ حَتّٰى أَصْبَحَ قَرِيْبًا مِنْ فُوْهَةِ الْجَرَّةِ۔

تو پانی (مزید) بلند ہو گیا یہاں تک کہ گھڑے کے منہ کے قریب ہو گیا۔

فَشَرِبَ الْغُرَابُ بِذَكَائِهٖ وَحُسْنِ حِيْلَتِهٖ۔

پس کوے نے اپنی ذہانت اور اپنی اچھی چال (حسنِ تدبیر) کے سبب (پانی) پی لیا۔

اَلْمَغْزٰى: "مَنْ جَدَّ وَجَدَ"۔

نتیجہ: "جو کوشش کرے گا وہ پالے گا"۔

اَلتَّدْرِيْبُ الْأَوَّلُ (پہلی مشق)

أَجِبْ عَنِ الْأَسْئِلَةِ الآتِيَةِ: (آنے والے/درجِ ذیل سوالات کے جوابات دیں)

سوال 1: مَاذَا بَحَثَ الْغُرَابُ وَلِمَاذَا؟

ترجمہ: کوے نے کیا تلاش کیا؟ اور کیوں (تلاش کیا)؟

جواب: بَحَثُ الْغُرَابُ عَنِ الْمَاءِ لِيُرْوِيَ عَطَشَهُ۔

ترجمہ: کوے نے پانی تلاش کیا تاکہ وہ اپنی پیاس بجھائے۔

سوال 2: لِمَاذَا لَمْ يَسْتَطِعِ الْغُرَابُ أَنْ يَشْرَبَ؟

ترجمہ: کوا کیوں اس پر قادر نہ ہو سکا کہ وہ (پانی) پیے؟

جواب: لَمْ يَسْتَطِعِ الْغُرَابُ أَنْ يَشْرَبَ لِأَنَّ الْمَاءَ كَانَ فِيْ قَاعِ الْجَرَّةِ.

ترجمہ: کوا اس پر قادر نہ ہو سکا کہ وہ پیئے کیوں کہ پانی گھڑے کی تہ میں تھا۔

سوال 3: مَاذَا أَحْضَرَ الْغُرَابُ وَرَمٰى فِي الْجَرَّةِ؟

ترجمہ: کوا کیا چیز لے آیا اور (اسے) گھڑے میں ڈال دیا؟

جواب: أَحْضَرَ حَصَاةً وَرَمٰ فِي الْجَرَّةِ.

ترجمہ: وہ کنکری لے آیا اور گھڑے میں ڈال دی۔

سوال 4: هَلْ فَازَ الْغُرَابُ فِيْ شُرْبِ الْمَاءِ؟

ترجمہ: کیا کوا پانی پینے میں کامیاب ہو گیا؟

جواب: نَعَمْ فَازَ الْغُرَابُ فِيْ شُرْبِ الْمَاءِ۔

ترجمہ: جی ہاں کوا پانی پینے میں کامیاب ہو گیا۔

سوال 5: هَلْ تَعْتَقِدُ أَنَّ الْغُرَابَ ذَكِيٌّ؟

ترجمہ: کیا تو سمجھتا ہے کہ کوا ذہین ہوتا ہے؟

جواب: نَعَمْ! أَعْتَقِدُ أَنَّ الْغُرَابَ ذَكِيٌّ۔

ترجمہ: جی ہاں! میں سمجھتا ہوں کہ کوا ذہین ہوتا ہے۔

اَلتَّدْرِيْبُ الثَّانِيْ (دوسری مشق)

اِخْتَرِ الْجَوَابَ الصَّحِيْحَ كَمَا جَاءَ فِي النَّصِّ. (درست جواب منتخب کریں جیسا کہ متن میں آیا)

1. عَطِشَ غُرَابٌ وَأَخَذَ يَبْحَثُ عَنِ الْمَاءِ__

ترجمہ: ایک کوا پیاسا ہو گیا اور پانی تلاش کرنے لگا۔)

2. أَحْضَرَ الْغُرَابُ حَصَاةً رَابِعَةً__

ترجمہ: کوا چوتھی کنکری لایا۔

3. مَنْ جَدَّ وَجَدَ۔

ترجمہ: جو کوشش کرے گا وہ پالے گا۔

اَلتَّدْرِيْبُ الثَّالِثُ (تیسری مشق)

ضَعْ حَرْفَ جَرٍّ مُنَاسِبًا فِي كُلِّ فَرَاغٍ: (ہر خالی جگہ میں مناسب حرف جر رکھیں/استعمال کریں)

1۔ يَجْتَمِعُ الطُّلَّابُ فِيْ سَاحَةِ الْمَدْرَسَةِ۔

ترجمہ: طلبہ سکول کے صحن میں جمع ہوتے ہیں۔

2۔ كَانَ الْقَلَمُ فِيْ قَاعِ الْجَرَّةِ۔

ترجمہ: قلم گھڑے کی تہ میں تھا۔

3۔ مِنْ حُسْنِ الْأَخْلَاقِ الْاِبْتِعَادُ مِنَ الْكَذِبِ۔

ترجمہ: جھوٹ سے بچنا اچھی عاتوں میں سے ہے (عادتوں کی اچھائی میں سے ہے)۔

4۔ يَهْتَمُّ الطَّالِبُ بِوَاجِبِهِ الْمَدْرَسِيِّ۔

ترجمہ: طالب علم اپنے سکول کے ضروری کام پر توجہ دیتا ہے۔

5۔شَرِبَ الْغُرَابُ بِحُسْنِ حِيْلَتِهٖ۔

ترجمہ: کوے نے اپنی اچھی تدبیر/خوب صورت چال کے سبب پی لیا۔

اَلتَّدْرِيْبُ الرَّابِعُ (چوتھی مشق)

تَرْجِمُوْا مَا يَأْتِيْ إِلَى الْعَرَبِيَّةِ:

عربی میں ترجمہ کریں ان جملوں کا جو آئیں/درج ذیل جملوں کا عربی میں ترجمہ کریں۔

1۔ سلیم کو بھوک لگی تو اس نے کھانا تلاش کرنا شروع کر دیا۔

عربی: جَاعَ سَلِيْمٌ فَأَخَذَ يَبْحَثُ عَنِ الطَّعَامِ ۔

2۔زید نے کھانے سے پہلے پانی پیا۔

عربی: شَرِبَ زَيْدٌ الْمَاءَ قَبْلَ الْأَكْلِ۔

3۔خالد نے کھانا کھالیا۔

عربی: أَكَلَ خَالِدٌ الطَّعَامَ۔

4۔پانی تالاب کی تہ میں ہے۔

عربی: اَلْمَاءُ فِيْ قَاعِ الْحَوْضِ۔

5۔سمندر کا پانی بلند ہو گیا۔

عربی: اِرْتَفَعَ مَاءُ الْبَحْرِ ۔

6۔جو کوشش کرے گا کامیاب ہو گا۔

عربی: مَنْ يَجْتَهِدْ يَفُزْ ۔

سبق 2:

اَلْكَلْبُ (کتا)

وَجَدَ كَلْبٌ قِطْعَةَ عَظْمٍ كَبِيْرَةً فَفَرِحَ بِهَا وَاسْتَبْشَرَ أَنْ تَكُوْنَ لَهُ غَدَاءً شَهِيًّا۔

ایک کتے نے ہڈی کا بڑا ٹکڑا پایا تو اس (ٹکڑے) پر خوش ہو گیا اور اس (بات) پر خوش ہونے لگا کہ وہ اس کے لیے مزے دار ظہرانہ ہو گا۔

ثُمَّ حَمَلَهَا وَجَرٰى عَلٰى شَاطِئِ النَّهْرِ حَتّٰى لَا تَرَاهُ الْكِلَابُ۔

پھر اس نے اسے اٹھا لیا اور نہر کے کنارے پر چل دیا یہاں تک کہ اسے (دیگر) کتے نہیں دیکھ رہے تھے۔

وَلَمَّا نَظَرَ فِي الْمَاءِ رَاٰى خَيَالَهُ فَحَسِبَهُ كَلْبًا آخَرَ يَحْمِلُ عَظْمَةً أَكْبَرَ مِنْ عَظْمَتِهِ

اور جب اس نے پانی میں نظر کی تو اس نے اپنا عکس / پرچھائیں دیکھا پس اس نے اسے کوئی دوسرا کتا گمان کیا (سمجھا) جو اس کی ہڈی سے بڑی ہڈی اٹھائے ہوئے تھا۔

فَرَمَى الَّتِيْ مَعَهُ وَهَجَمَ عَلَى الْكَلْبِ الَّذِيْ فِي الْمَاءِ فَلَمْ يَجِدْ شَيْئًا

تو اس نے وہ (ٹکڑا) پھینک دیا جو اس کے ساتھ / پاس تھا اور اس کتے پر جھپٹ پڑا / حملہ کر دیا جو پانی میں تھا تو اس نے کچھ نہ پایا

ثُمَّ رَجَعَ إِلٰى عَظْمَتِهِ فَلَمْ يَجِدْهَا وَبِذٰلِكَ خَسِرَ غَدَاءَهُ نَتِيْجَةً لِطَمَعِهِ.

پھر وہ اپنی ہڈی کی طرف پلٹا / واپس لوٹا تو اسے نہ پایا اور اسی وجہ سے اس نے اپنی لالچ کے نتیجے میں اپنا دوپہر کا کھانا ضائع کر دیا۔

اَلْمَغْزٰى: "بَيْضَةُ الْيَوْمِ خَيْرٌ مِنْ دَجَاجَةِ الْغَدِ"

نتیجہ: آج کا انڈا کل کی مرغی سے بہتر ہے۔

التَّدْرِيْبُ الْأَوَّلُ (پہلی مشق)

أَجِبْ عَنِ الْأَسْئِلَةِ التَّالِيَةِ: درج ذیل سوالات کے جوابات دیں۔

سوال: 1۔ مَا وَجَدَ كَلْبٌ؟

ترجمہ: کتے نے کیا پایا؟

جواب: وَجَدَ كَلْبٌ قِطْعَةَ عَظْمٍ كَبِيْرَةً۔

ترجمہ: کتے نے ہڈی کا بڑا ٹکڑا پایا۔

سوال: 2۔ إِلٰى أَيْنَ حَمَلَ الْكَلْبُ قِطْعَةَ عَظْمٍ؟

ترجمہ: کتا ہڈی کا ٹکڑا کہاں تک لے گیا؟

جواب: حَمَلَ الْكَلْبُ قِطْعَةَ عَظْمٍ إِلٰى مَوْضِعٍ لَا تَرَاهُ الْكِلَابُ۔

ترجمہ: کتا ہڈی کا ٹکڑا اس جگہ تک لے گیا (جہاں دوسرے) کتے اسے نہیں دیکھ رہے تھے۔

سوال: 3۔ مَا حَسِبَ الْكَلْبُ حِيْنَ نَظَرَ فِي الْمَاءِ؟

ترجمہ: کتے نے کیا گمان کیا جب اس نے پانی میں دیکھا؟

جواب: حَسِبَ الْكَلْبُ خَيَالَهُ كَلْبًا آخَرَ حِيْنَ نَظَرَ فِي الْمَاءِ۔

ترجمہ: کتے نے اپنے عکس کو دوسرا کتا گمان کیا جب اس نے پانی میں دیکھا۔

سوال: 4۔ مَا فَعَلَ الْكَلْبُ حِيْنَمَا حَسِبَ فِي الْمَاءِ كَلْبًا آخَرَ؟

ترجمہ: کتے نے کیا کیا جب اس نے پانی میں دوسرا کتا گمان کیا؟

جواب: رَمَى الْقِطْعَةَ الَّتِيْ مَعَهُ وَهَجَمَ عَلَى الْكَلْبِ الَّذِيْ فِي الْمَاءِ.

ترجمہ: اس نے وہ ٹکڑا پھینک دیا جو اس کے پاس تھا اور اس کتے پر حملہ کر دیا جو پانی میں تھا۔

سوال: 5۔ مَا وَجَدَ الْكَلْبُ بَعْدَ هَجْمِهِ عَلَى الْكَلْبِ الْآخَرِ؟

ترجمہ: کتے نے دوسرے کتے پر اپنے حملہ کرنے کے بعد کیا پایا؟

جواب: لَمْ يَجِدِ الْكَلْبُ شَيْئًا بَعْدَ هَجْمِهِ عَلَى الْكَلْبِ الْآخَرِ۔

ترجمہ: کتے نے دوسرے کتے پر اپنے حملہ کرنے کے بعد کچھ نہ پایا۔

سوال: 6۔ مَا كَانَتْ نَتِيْجَةُ طَمَعِهِ؟

ترجمہ: اس کی لالچ کا کیا انجام ہوا؟

جواب: كَانَتْ نَتِيْجَةُ طَمَعِهِ أَنَّهُ خَسِرَ غَدَاءَهُ۔

ترجمہ: اس کی لالچ کا انجام یہ ہوا کہ اس نے اپنا دوپہر کا کھانا ضائع کر دیا۔

التَّدْرِيْبُ الثَّانِيْ (دوسری مشق)

ضَعِ اسْمَ التَّفْضِيْلِ مُنَاسِبًا فِيْ كُلِّ فَرَاغٍ:

ہر خالی جگہ میں اسم تفضیل رکھیں اس حال میں کہ وہ [اسم تفضیل اُس خالی جگہ کے] مناسب ہو۔

1۔ اَللّٰهُ ۔ أَكْبَرُ ۔ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ۔

ترجمہ: اللہ تعالیٰ ہر چیز سے بڑا ہے۔

2۔ نَبِيُّنَا مُحَمَّدٌ ﷺ ۔ أَفْضَلُ ۔ مِنْ كُلِّ الْأَنْبِيَاءِ۔

ترجمہ: ہمارے نبی محمد ﷺ تمام انبیاء سے افضل ہیں۔

3۔ اَلْمَاءُ الَّذِيْ خَرَجَ مِنْ أَصَابِعِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ ﷺ ۔ أَفْضَلُ ۔ مِنْ كُلِّ الْمِيَاهِ۔

ترجمہ: وہ پانی جو ہمارے سردار محمد ﷺ کی انگلیوں سے نکلا تمام پانیوں سے افضل ہے۔

4۔ هٰذِهِ الْمُعَامَلَةُ ۔ أَظْهَرُ ۔ مِنَ الشَّمْسِ۔

ترجمہ: یہ معاملہ سورج سے زیادہ ظاہر ہے۔

5۔ وَهُوَ ۔ أَعْلَمُ ۔ مِنِّيْ۔ ترجمہ: اور وہ مجھ سے زیادہ علم والا ہے۔

6۔ طُوْلُ عَابِدٍ ۔ أَطْوَلُ ۔ مِنْ عَمِّهِ۔

ترجمہ: عابد کی لمبائی/عابد کا قد اس کے چچا سے لمبا ہے۔

7۔ اَلْفِتْنَةُ ۔ أَشَدُّ ۔ مِنَ الْقَتْلِ۔

ترجمہ: فتنہ قتل سے زیادہ سخت ہے۔

التَّدْرِيْبُ الثَّالِثُ (تیسری مشق)

عَيِّنْ فِيْمَا يَلِي الْمُضَافَ وَ الْمُضَافَ إِلَيْهِ۔ درج ذیل جملوں میں مضاف اور مضاف الیہ کو معین کریں۔

1۔ ثُمَّ رَجَعَ إِلٰى عَظْمَتِهِ۔

ترجمہ: پھر وہ اپنی ہڈی کی طرف لوٹا۔

تعیین: عَظْمَة: مضاف۔ہاء(ہ): مضاف الیہ۔

2۔ تَعَلَّمَ الطَّالِبُ مَبَادِئَ اللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ۔

ترجمہ: طالب علم نے عربی زبان کے بنیادی قواعد سیکھے۔

تعیین: مَبَادِئَ: مضاف۔اللُّغَةِ: مضاف الیہ۔

3۔ أَزْوَاجُ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ أُمَّهَاتُ الْمُؤْمِنِيْنَ۔

ترجمہ: اللہ عزوجل کے رسول ﷺ کی بیویاں مؤمنوں کی مائیں ہیں۔

تعیین: أَزْوَاجُ: مضاف۔رَسُوْلِ: مضاف الیہ+رَسُوْلِ: مضاف۔اللهِ: مضاف الیہ+

أُمَّهَاتُ: مضاف۔الْمُؤْمِنِيْنَ: مضاف الیہ۔

4۔ جُدْرَانُ غُرْفَةِ زَيْدٍ خَضْرَاءُ۔

ترجمہ: زید کے کمرے کی دیواریں سبز ہیں۔

تعیین: جُدْرَانُ: مضاف۔غُرْفَةِ: مضاف الیہ+غُرْفَةِ: مضاف۔زَيْدٍ: مضاف الیہ۔

5۔ لِكَلَامِ خَطِيْبِ مَسْجِدِنَا أَثَرٌ بَلِيْغٌ۔

ترجمہ: ہماری مسجد کے خطیب کے کلام کی زبردست تاثیر ہے۔

تعیین: كَلَامِ: مضاف۔ خَطِيْبِ: مضاف الیہ + خَطِيْبِ: مضاف۔ مَسْجِدِ: مضاف الیہ +

مَسْجِدِ: مضاف۔ نَا: مضاف الیہ۔

6۔ مَا سِرُّ نَجَاحِ هٰذَا التِّلْمِيْذِ؟

ترجمہ: اس طالب علم کی کامیابی کا راز کیا ہے؟

تعیین: سِرُّ: مضاف۔ نَجَاحِ: مضاف الیہ + نَجَاحِ: مضاف۔ هٰذَا: مضاف الیہ۔

التَّدْرِيْبُ الرَّابِعُ (چوتھی مشق)

تَرْجِمُوْا مَا يَأْتِيْ إِلَى الْعَرَبِيَّةِ۔ درج ذیل جملوں کا عربی میں ترجمہ کریں۔

1۔ کتے کو ہڈی کا ٹکڑا ملا تو وہ خوش ہو گیا۔

عربی: وَجَدَ كَلْبٌ قِطْعَةَ عَظْمٍ فَفَرِحَ۔

2۔ جب میں نے زمین پر اپنا سایہ دیکھا تو اسے بڑا خیال کیا۔

عربی: لَمَّا رَأَيْتُ ظِلِّيْ عَلَى الْأَرْضِ فَحَسِبْتُهُ كَبِيْرًا۔

3۔ کتے نے اس بلی پر حملہ کر دیا جو دیوار پر بیٹھی تھی۔

عربی: هَجَمَ الْكَلْبُ عَلَى الْهِرَّةِ الَّتِيْ كَانَتْ جَالِسَةً عَلَى الْحَائِطِ۔

4۔ زید اپنی طمع کے نتیجے میں نادم ہوا۔

عربی: نَدِمَ زَيْدٌ فِيْ نَتِيْجَةِ طَمَعِهِ/ نَتِيْجَةً لِطَمَعِهِ۔

5۔ لالچ ہلاکت کا سبب ہے۔

عربی: اَلطَّمَعُ سَبَبُ الْهَلَاكِ۔

سبق 3:

اَلْقِرْدُ وَالنَّجَّارُ (بندر اور بڑھئی)

رَأٰى قِرْدٌ نَجَّارًا يَنْشُرُ خَشَبَةً كَبِيْرَةً بِالْمِنْشَارِ۔

بندر نے ایک بڑھئی کو دیکھا جو آری کے ذریعے ایک بڑی لکڑی کو چیر رہا تھا۔

وَ كُلَّمَا شَقَّ قَلِيْلًا مِنْهَا أَدْخَلَ فِيْهَا وَتَدًا ۔

اور جب کبھی وہ اس (لکڑی) میں سے تھوڑی سی چیر لیتا تو اس میں کیل داخل کر دیتا۔

ثُمَّ إِنَّ النَّجَّارَ خَرَجَ مِنَ الدُّكَّانِ لِيَشْتَرِيَ طَعَامًا

پھر بے شک بڑھئی دکان سے نکلا تاکہ کھانا خریدے۔

فَأَرَادَ الْقِرْدُ أَنْ يُّقَلِّدَ النَّجَّارَ فِيْ شَقِّ الْخَشَبَةِ

پس بندر نے چاہا کہ وہ لکڑی چیرنے میں بڑھئی کی نقل اتارے۔

وَ رَكِبَ الْقِرْدُ عَلَى الْخَشَبَةِ وَ جَعَلَ يَشُقُّ

اور بندر لکڑی پر چڑھ گیا/سوار ہو گیا اور (اسے) چیرنا شروع ہو گیا۔

فَتَدَلّٰى ذَنَبُهُ فِي الشَّقِّ وَ عَبِثَ بِأَحَدِ الْأَوْتَادِ

پس اس کی دُم چیر میں لٹک گئی اور کیلوں میں سے کسی ایک کے ساتھ/اور کسی کیل کے ساتھ کھیل کود کرنے لگا۔

فَنَزَعَهُ مِنْ مَكَانِهِ فَانْطَبَقَتِ الْخَشَبَةُ عَلٰى ذَنَبِهِ

پس اس نے اس (کیل) کو اس کی جگہ سے کھینچ کر نکال دیا پس لکڑی اس کی دُم پہ مل گئی۔

فَصَاحَ مِنْ شِدَّةِ الْأَلَمِ وَ أُغْشِيَ عَلَيْهِ ۔

چنانچہ وہ درد کی شدت کی وجہ سے چیخا اور اس پر بے ہوشی طاری ہو گئی (وہ بے ہوش ہو گیا)۔

ثُمَّ جَاءَ النَّجَّارُ فَرَاٰهُ وَجَعَلَ يَضْرِبُهُ.

پھر بڑھئی آیا تو اس نے اس (بندر) کو دیکھا اور اسے مارنے لگا۔

فَكَانَ مَا لَقِيَ مِنَ النَّجَّارِ مِنَ الضَّرْبِ أَشَدَّ مِمَّا أَصَابَهُ مِنَ الْخَشَبَةِ.

پس مار میں سے وہ جو اسے بڑھئی کی طرف سے ملی وہ اس (تکلیف) سے زیادہ سخت تھی جو اسے لکڑی کی وجہ سے پہنچی۔ (وہ مار جو اسے بڑھئی کی طرف سے ملی اس (چوٹ یا تکلیف) سے زیادہ سخت تھی جو اسے لکڑی کی وجہ سے پہنچی)۔

اَلْمَغْزٰى: "هٰذِهٖ عَاقِبَةُ الْعَبَثِ وَالتَّقْلِيْدِ بِالْأَعْمٰى.

نتیجہ: یہ ہے کھیل کود اور اندھی تقلید کرنے کا انجام۔

اَلتَّدَخُّلُ فِيْمَا لَا يَعْنِيْ مُضِرٌّ "

اس (کام) میں مداخلت کرنا نقصان دہ ہے جو اہم نہ ہو / جس سے تعلق نہ ہو۔

اَلتَّدْرِيْبُ الْأَوَّلُ (پہلی مشق)

أَجِبْ عَنِ الْأَسْئِلَةِ التَّالِيَةِ: درج ذیل سوالات کے جوابات دیں۔

سوال: 1۔ مَا رَأَى الْقِرْدُ؟

ترجمہ: بندر نے کیا دیکھا؟

جواب: رَأٰى قِرْدٌ نَجَّارًا يَنْشُرُ خَشَبَةً كَبِيْرَةً بِالْمِنْشَارِ.

ترجمہ: بندر نے بڑھئی کو دیکھا جو آری کے ذریعے بڑی لکڑی چیر رہا تھا۔

سوال: 2۔ مَا فَعَلَ النَّجَّارُ كُلَّمَا شَقَّ الْخَشَبَةَ؟

ترجمہ: بڑھئی کیا کرتا جب کبھی وہ (لکڑی) چیرتا؟

جواب: كُلَّمَا شَقَّ قَلِيْلًا مِنَ الْخَشْبَةِ أَدْخَلَ فِيْهَا وَتَدًا.

ترجمہ: جب کبھی وہ لکڑی میں سے تھوڑی سی چیر لیتا تو اس میں کیل داخل کر دیتا۔

سوال: 3۔ مَا أَرَادَ الْقِرْدُ بَعْدَ ذَهَابِ النَّجَّارِ؟

ترجمہ: بڑھئی کے جانے کے بعد بندر نے کیا ارادہ کیا؟

جواب: أَرَادَ الْقِرْدُ أَنْ يُّقَلِّدَ النَّجَّارَ فِيْ شَقِّ الْخَشْبَةِ.

ترجمہ: بندر نے چاہا کہ وہ لکڑی چیرنے میں بڑھئی کی پیروی کرے۔

سوال: 4۔ عَلٰى أَيِّ شَيْءٍ رَكِبَ الْقِرْدُ وَمَاذَا فَعَلَ بَعْدَ رُكُوْبِهٖ؟

ترجمہ: بندر کس چیز پر سوار ہوا اور اپنے سوار ہونے کے بعد اس نے کیا کیا؟

جواب: رَكِبَ الْقِرْدُ عَلَى الْخَشْبَةِ وَجَعَلَ يَشُقُّهَا.

ترجمہ: بندر لکڑی پر سوار ہو گیا اور اسے چیرنے لگا۔

سوال: 5۔ لِمَ صَاحَ الْقِرْدُ؟

ترجمہ: بندر کیوں چیخنے لگا؟

جواب: صَاحَ الْقِرْدُ مِنْ شِدَّةِ الْأَلَمِ.

ترجمہ: بندر درد کی شدت کی وجہ سے چیخنے لگا۔

سوال: 6۔ مَا فَعَلَ النَّجَّارُ حِيْنَمَا رَجَعَ؟

ترجمہ: بڑھئی نے کیا کیا جب وہ واپس آیا؟

جواب: جَعَلَ النَّجَّارُ يَضْرِبُ الْقِرْدَ حِيْنَمَا رَجَعَ.

ترجمہ: بڑھئی بندر کو مارنے لگا جب وہ واپس آیا۔

التَّدْرِيبُ الثَّانِيْ (دوسری مشق)

أَكْمِلْ: مکمل کیجیے۔

(1)۔ إِنَّ أَبِيْ خَرَجَ مِنَ الْبَيْتِ لِيَشْتَرِيَ۔ الْخَضْرَاوَاتِ۔

ترجمہ: بے شک میرے ابو گھر سے نکلے تاکہ سبزیاں خریدیں۔

(2)۔ إِنَّ الْوَلَدَ يَجْتَهِدُ فِي الدُّرُوْسِ۔ لِيَفُوْزَ۔

ترجمہ: بے شک لڑکا اسباق میں محنت کرتا ہے تاکہ کامیاب ہو جائے۔

(3)۔ إِنَّ صَدِيْقِيْ يَشْرَبُ الشَّايَ بَعْدَ الْعَصْرِ۔ فِي الْفُنْدُقِ۔

ترجمہ: بے شک میرا دوست عصر کے بعد ہوٹل میں چائے پیتا ہے۔

(4)۔ ذَهَبْتُ إِلَى الْفُنْدُقِ۔ لِأَكْلِ الطَّعَامِ۔

ترجمہ: میں کھانا کھانے کے لیے ہوٹل کی طرف گیا۔

(5)۔ أَنَا أَرُوْحُ إِلَى الْمَدْرَسَةِ كُلَّ يَوْمٍ۔ فِي السَّاعَةِ الثَّامِنَةِ۔

ترجمہ: میں روزانہ آٹھویں گھنٹے (یعنی آٹھ بجے) سکول کی طرف جاتا ہوں۔

(6)۔ إِنَّ الرَّجُلَ الصَّالِحَ يَجْتَنِبُ عَنِ الذُّنُوْبِ۔ مِنْ خَشْيَةِ اللهِ۔

ترجمہ: بے شک نیک آدمی اللہ کے ڈر کی وجہ سے گناہوں سے بچتا ہے۔

التَّدْرِيبُ الثَّالِثُ (تیسری مشق)

عَيِّنِ الْمَفْعُوْلَ بِهِ فِيْ كُلِّ جُمْلَةٍ مِنَ الْجُمَلِ التَّالِيَةِ:

ترجمہ: آنے والے/درج ذیل جملوں میں سے ہر جملے میں مفعول بہ متعین کریں۔

شمار	عربی جملہ	ترجمہ	مفعول بہ
(۱)۔	زَارَ أَحْمَدُ قَرْيَتَهُ	احمد نے اپنے شہر کا دورہ کیا۔	قَرْيَةَ

(۲)۔	كُلُّ وَاحِدٍ يُؤَدِّيْ عَمَلًا .	ہر ایک (شخص) کام سرانجام دیتا ہے۔	عَمَلًا
(۳)۔	اَلْاِبْنُ يَجْمَعُ الْعَسَلَ مِنَ الْخَلَايَا	لڑکا شہد کے چھتوں سے شہد جمع کرتا ہے۔	الْعَسَلَ
(۴)۔	اَلْفَلَّاحُ يَتَحَدَّى الصِّعَابَ .	کسان مشکلات کو چیلنج کرتا ہے۔	الصِّعَابَ
(۵)۔	اَلْفَلَّاحُ يَبِيْعُ إِنْتَاجَ أَرْضِهِ.	کسان اپنی زمین کی پیداوار بیچتا ہے۔	إِنْتَاجَ
(۶)۔	اَلْاِبْنُ يَجْنِى الثِّمَارَ.	لڑکا پھلوں کو توڑتا ہے۔	الثِّمَارَ

التَّدْرِيْبُ الرَّابِعُ (چوتھی مشق)

تَرْجِمُوْا مَا يَأْتِيْ إِلَى الْعَرَبِيَّةِ: درج ذیل جملوں کا عربی میں ترجمہ کریں۔

1۔ کسی کے کام میں مداخلت نہ کرو۔

عربی: لَا تَدَخَّلُوْا فِيْ عَمَلِ/ أَمْرِ أَحَدٍ۔

2۔ شدید تکلیف کی وجہ سے وہ چیخنے لگا۔

عربی: أَخَذَ يَصِيْحُ مِنْ أَلَمٍ شَدِيْدٍ۔

3۔ بڑھئی نے کلہاڑے سے لکڑی کو چیرا۔

عربی: نَشَرَ النَّجَّارُ الْخَشَبَةَ بِالْفَأْسِ۔

4۔ کیلوں سے مت کھیلو۔

عربی: لَا تَعْبَثُوْا بِالْأَوْتَادِ/ بِالْمَسَامِيْرِ۔

5۔ بندر نقل کرنے میں مشہور ہے۔

عربی: اَلْقِرْدُ مَعْرُوْفٌ فِي التَّقْلِيْدِ/التَّمْثِيْلِ۔

6۔ بڑوں کی تقلید (پیروی) کرو۔

عربی: قَلِّدُوا الْكِبَارَ/ اِتَّبِعُوا الْعِظَامَ۔

سبق 4:

اَلذِّئْبُ وَالثَّعْلَبُ (بھیڑیا اور لومڑ)

مَرِضَ الْأَسَدُ فَعَادَهُ السِّبَاعُ مَا خَلَا الثَّعْلَبَ،

شیر بیمار ہو گیا چنانچہ لومڑ کے علاوہ (دیگر) درندوں نے اس کی عیادت کی،

فَقَالَ الذِّئْبُ أَيُّهَا الْمَلِكُ مَرِضْتَ فَعَادَكَ السِّبَاعُ إِلَّا الثَّعْلَبَ،

پس بھیڑیے نے کہا: اے بادشاہ آپ بیمار ہو گئے تو درندوں نے آپ کی عیادت کی علاوہ لومڑ کے،

قَالَ فَإِذَا حَضَرَ فَأَعْلِمْنِيْ، فَبَلَغَ ذٰلِكَ الثَّعْلَبَ فَجَاءَ،

اس نے کہا: پس جب وہ (لومڑ) آئے تو مجھے بتانا، چنانچہ لومڑ کو یہ (بات) پہنچی تو وہ (شیر کے پاس) آیا،

فَقَالَ لَهُ الْأَسَدُ: يَا أَبَا الْحُصَيْنِ مَرِضْتُ فَعَادَنِي السِّبَاعُ كُلُّهُمْ وَلَمْ تَعُدْنِيْ أَنْتَ

تو شیر نے اسے کہا: اے لومڑ میں بیمار ہو گیا تو سب درندوں نے میری عیادت کی اور تو نے میری عیادت نہیں کی،

قَالَ بَلَغَنِيْ مَرَضُ الْمَلِكِ فَكُنْتُ فِيْ طَلَبِ الدَّوَاءِ لَهُ،

اس (لومڑ) نے کہا: مجھے بادشاہ کی بیماری (کی خبر) پہنچی تو میں اس (یعنی بادشاہ) کے لیے دوا کی تلاش میں تھا،

قَالَ فَأَيَّ شَيْءٍ أَصَبْتَ؟

اس (شیر) نے کہا: تو تُو نے (مجھ بادشاہ کی دوا کے لیے) کون سی چیز پائی؟

قَالَ قَالُوْا لِيْ: خَرَزَةٌ فِيْ سَاقِ الذِّئْبِ يَنْبَغِيْ أَنْ تُخْرَجَ،

اس نے کہا: انہوں نے مجھے (یعنی حکیموں نے) کہا: وہ مہرہ جو بھیڑیے کی پنڈلی میں (بندھا ہوا) ہے

چاہیے کہ (اے بادشاہ اسے) تو نکال لے، (بھیڑیے کی پنڈلی میں جو مہرہ بندھا ہوا ہے وہ تمہیں نکال لینا چاہیے)

فَضَرَبَ الْأَسَدُ بِمَخَالِيْبِهٖ سَاقَ الذِّئْبِ،

پس شیر نے بھیڑے کی پنڈلی پر اپنے پنجوں کے ساتھ مارا/اپنے پنجے مارے،

فَانْسَلَّ الثَّعْلَبُ وَخَرَجَ فَقَعَدَ عَلَى الطَّرِيْقِ،

پس لومڑ کھسک گیا اور نکل گیا اور راستے میں بیٹھ گیا،

فَمَرَّ بِهِ الذِّئْبُ وَ الدَّمُ يَسِيْلُ عَلَيْهِ،

پس بھیڑیا اس (لومڑ) پر سے گزرا / بھیڑیا کا اس کے پاس سے گزر ہوا اس حال میں کہ اس (بھیڑیے) پر خون بہ رہا تھا،

فَقَالَ لَهُ الثَّعْلَبُ: يَا صَاحِبَ الْخُفِّ الْأَحْمَرِ إِذَا قَعَدْتَ بَعْدَ هٰذَا عِنْدَ سُلْطَانٍ فَانْظُرْ مَا يَخْرُجُ مِنْ رَأْسِكَ۔

تو لومڑ نے اسے کہا: اے سرخ موزے والے جب تو اس (دفعہ) کے بعد بادشاہ کے پاس بیٹھے تو تُو اس چیز کو دیکھنا جو تیرے سر سے نکلے گی۔

اَلْمَغْزٰی: " (1) مَنْ حَفَرَ بِئْرًا لِأَخِيْهِ فَقَدْ وَقَعَ فِيْهِ۔ (2) كَمَا تَزْرَعُ تَحْصُدُ ".

نتیجہ: (1) جو اپنے بھائی کے لیے گڑھا کھودتا ہے تو وہ (کھودنے والا خود) اس میں گرتا ہے۔

(2) جیسا تو (بیج) بوئے گا ویسا (کھیت) کاٹے گا۔

اَلتَّدْرِيْبُ الْأَوَّلُ (پہلی مشق)

أَجِبْ عَنِ الْأَسْئِلَةِ الْآتِيَةِ: (درجِ ذیل سوالات کے جوابات دیں)

سوال 1: مَنْ مَرِضَ مِنَ السِّبَاعِ؟

ترجمہ: درندوں میں سے کون بیمار ہو گیا؟

جواب: مَرِضَ الْأَسَدُ مِنَ السِّبَاعِ.

ترجمہ: درندوں میں سے شیر بیمار ہو گیا۔

سوال 2: مَاذَا قَالَ الذِّئْبُ لِلْمَلِكِ عَنِ الثَّعْلَبِ؟

ترجمہ: بھڑیے نے لومڑ کے بارے میں بادشاہ سے کیا کہا؟

جواب: قَالَ الذِّئْبُ لَهُ: أَيُّهَا الْمَلِكُ مَرِضْتَ فَعَادَكَ السِّبَاعُ إِلَّا الثَّعْلَبَ.

ترجمہ: بھیڑیے نے اس سے کہا: اے بادشاہ تو بیمار ہو گیا تو لومڑ کے سوا درندوں نے تیری عیادت کی۔

سوال3: مَا قَالَ الثَّعْلَبُ لِلذِّئْبِ عِنْدَ مَا خَرَجَ؟

ترجمہ: لومڑ نے بھیڑیے سے کیا کہا جب وہ نکلا؟

جواب: قَالَ الثَّعْلَبُ لِلذِّئْبِ عِنْدَ مَا خَرَجَ: يَا صَاحِبَ الْخُفِّ الْأَحْمَرِ إِذَا قَعَدْتَ بَعْدَ هٰذَا عِنْدَ سُلْطَانٍ فَانْظُرْ مَا يَخْرُجُ مِنْ رَأْسِكَ.

ترجمہ: لومڑ نے بھیڑیے سے کہا جب کہ وہ (لومڑ) نکلا: اے سرخ موزے والے جب تو اس (دفعہ) کے بعد بادشاہ کے پاس بیٹھے تو تُو اس چیز کو دیکھنا جو تیرے سر سے نکلے گی۔

اَلتَّدْرِيْبُ الثَّانِيْ (دوسری مشق)

اِسْتَعْمِلُوا الْكَلِمَاتِ الْآتِيَةَ فِيْ جُمَلٍ مُفِيْدَةٍ:

(درجِ ذیل کلمات کو مفید جملوں میں استعمال کریں)

کلمہ: اَلطَّرِيْقُ۔۔

جملہ: هٰذَا الطَّرِيْقُ وَسِيْعٌ. **ترجمہ:** یہ راستہ کشادہ ہے۔

کلمہ: سُلْطَانٌ۔۔

جملہ: سُلْطَانٌ عَادِلٌ حَبِيْبُ اللهِ. **ترجمہ:** منصف حکمران اللہ کا محبوب ہوتا ہے۔

کلمہ: اَلدَّوَاءُ۔۔

جملہ: يُفِيْدُ الدَّوَاءُ فِي الْمَرَضِ۔ **ترجمہ:** بیماری میں علاج فائدہ مند ہوتا ہے۔

کلمہ: اَلْأَسَدُ۔۔

جملہ: اَلْأَسَدُ حَيَوَانٌ مُفْتَرِسٌ۔ **ترجمہ:** شیر چیر پھاڑ کرنے والا جانور ہے۔

کلمہ: يَزْرَعُ۔۔

جملہ: يَزْرَعُ الْفَلَّاحُ الْقَمْحَ۔ **ترجمہ:** کسان گندم بوتا ہے۔

کلمہ: حَرِيْصٌ۔۔۔۔۔۔۔۔

جملہ: لَا يُحِبُّ النَّاسُ رَجُلاً حَرِيْصاً۔ **ترجمہ:** لالچی آدمی کو لوگ پسند نہیں کرتے۔

اَلتَّدْرِيْبُ الثَّالِثُ (تیسری مشق)

عَيِّنِ الظَّرْفَ فِيْ كُلِّ جُمْلَةٍ مُبَيِّنًا نَوْعَهُ:

ہر جملے میں ظرف کو اس کی قسم بیان کرتے ہوئے متعین کریں۔

جملہ: اِنْعَقَدَ الْاِجْتِمَاعُ لَيْلاً۔ **ترجمہ:** اجتماع رات میں منعقد ہوا۔

مفعول بہ کی تعیین مع بیانِ نوع: "لَيْلاً" ظرف زمان ہے۔

جملہ: يَشْتَدُّ الْحَرُّ صَيْفًا۔ **ترجمہ:** موسم گرما میں گرمی زیادہ ہوتی ہے۔

مفعول بہ کی تعیین مع بیانِ نوع: "صَيْفًا" ظرف زمان ہے۔

جملہ: يَعْتَدِلُ الْجَوُّ رَبِيْعا۔ **ترجمہ:** موسم بہار میں فضا خوش گوار ہوتی ہے۔

مفعول بہ کی تعیین مع بیانِ نوع: "رَبِيْعاً" ظرف زمان ہے۔

جملہ: جَلَسَ التَّلَامِيْذُ تَحْتَ الشَّجَرَةِ۔ **ترجمہ:** طلبہ درخت کے نیچے بیٹھے۔

مفعول بہ کی تعیین مع بیانِ نوع: "تَحْتَ" ظرف مکان ہے۔

جملہ: وَقَفَ الْعُصْفُوْرُ فَوْقَ الْغُصْنِ۔ **ترجمہ:** پرندہ ٹہنی کے اوپر ٹھہرا۔

مفعول بہ کی تعیین مع بیانِ نوع: "فَوْقَ" ظرف مکان ہے۔

جملہ: اَلْاِزْدِحَامُ كَثِيْرٌ عِنْدَ مَوْقِفِ السَّيَّارَاتِ۔

ترجمہ: گاڑیوں کے ٹھہرنے جگہ (بس اسٹاپ) کے پاس رش بہت ہے۔

مفعول بہ کی تعیین مع بیانِ نوع: "عِنْدَ" ظرف مکان ہے۔

اَلتَّدْرِيْبُ الرَّابِعُ (چوتھی مشق)

تَرْجِمُوْا مَا يَأْتِيْ إِلَى الْعَرَبِيَّةِ: درجِ ذیل جملوں کا عربی میں ترجمہ کریں۔

1۔ شیر تمام جانوروں کا بادشاہ ہے۔

عربی: اَلْأَسَدُ مَلِكُ جَمِيْعِ الْحَيَوَانَاتِ.

2۔ لومڑی بہت چالاک جانور ہے۔

عربی: اَلثَّعْلَبُ/اَلثَّعْلَبَةُ حَيَوَانٌ مَكَّارٌ.

3۔ بادشاہ کے پاس سوچ سمجھ کر گفتگو کرو۔

عربی: تَكَلَّمُوْا عِنْدَ الْمَلِكِ بِالْفَهْمِ وَ التَّفَكُّرِ.

4۔ اس کے جسم سے خون نکل رہا تھا۔

عربی: كَانَ يَخْرُجُ الدَّمُ مِنْ جَسَدِهِ.

5۔ راستے کے درمیان مت بیٹھو۔

عربی: لَا تَقْعُدُوْا بَيْنَ الطَّرِيْقِ.

سبق 5:

اَلْأَسَدُ وَالْفَأْرُ (شیر اور چوہا)

كَانَ أَسَدٌ نَائِماً فَأَتَىٰ فَأْرٌ وَ مَشَى عَلَى رَأْسِهِ.

شیر سویا ہوا تھا پس چوہا آیا اور اس کے سر پر چلنے لگا۔

فَهَبَّ مِنَ النَّوْمِ غَضْبَاناً وَ قَبَضَ عَلَى الْفَأْرِ لِيَقْتُلَهُ.

تو وہ (شیر) غصے میں نیند سے اٹھا اور اس نے چوہے پر قابو پالیا (چوہے کو پکڑ لیا) تاکہ اسے مار ڈالے۔

فَبَكَى الْفَأْرُ وَ تَضَرَّعَ.

تو چوہا رونے اور بے بسی کا اظہار کرنے لگا۔

حَتّٰى رَقَّ لَهُ قَلْبُ الْأَسَدِ وَ خَلّٰى عَنْهُ.

یہاں تک کہ شیر کا دل اس کے لیے نرم پڑ گیا اور اس نے اسے چھوڑ دیا۔

وَ ثَانِيْ يَوْمٍ وَقَعَ الْأَسَدُ فِيْ شَرَكٍ نَصَبَهُ لَهُ الصَّيَّادُوْنَ.

اور دوسرے دن شیر ایک ایسے جال میں پھنس گیا جسے شکاریوں نے اس کے لیے بچھا رکھا تھا۔

فَصَرَخَ وَ زَأَرَ حَتّٰى سَمِعَهُ ذٰلِكَ الْفَأْرُ فَأَسْرَعَ لِمُسَاعَدَتِهِ.

پس وہ چیخا اور دھاڑا یہاں تک کہ اُس چوہے نے اس (کی آواز) کو سن لیا تو اس کی مدد کے لیے دوڑا

وَ قَالَ لَهُ لَا تَخَفْ فَأَنَا أُخَلِّصُكَ.

اور اس نے اس (شیر) سے کہا: ڈرو مت کیوں کہ میں تجھے چھڑا لوں گا۔

وَ شَرَعَ يَقْرِضُ الْحَبْلَ بِأَسْنَانِهِ الْحَادَّةِ حَتّٰى قَطَعَهُ

اور وہ (چوہا) اپنے تیز دانتوں کے ذریعے رسی کو کاٹنا شروع ہو گیا یہاں تک کہ اسے کاٹ ڈالا

وَ خَرَجَ الْأَسَدُ سَالِماً. وَ شَكَرَهُ شُكْراً كَثِيْراً.

اور شیر محفوظ نکل آیا۔اور اس نے اس (چوہے) کا بہت شکریہ ادا کیا۔

ثُمَّ قَالَ لَهُ: "مَا كُنْتُ أَحْسِبُ أَنَّ حَيَوَاناً ضَعِيفاً مِثْلَكَ يَقْدِرُ عَلىٰ مَا لَا أَقْدِرُ عَلَيْهِ أَنَا"

پھر اس سے کہنے لگا: "میں نہیں سمجھتا تھا کہ تیرے جیسا کم زور جانور اس (کام) پر قدرت رکھتا ہے جس پر میں قادر نہیں ہوں"

فَأَجَابَهُ الْفَأْرُ: "لَا تَحْتَقِرْ مَنْ دُوْنَكَ فَلِكُلِّ شَيْءٍ مَزِيَّةٌ".

تو چوہے نے اسے جواب دیا: "اس کو حقیر نہ سمجھ جو تیرے علاوہ ہے (اپنے علاوہ کو حقیر نہ سمجھ) کیوں کہ ہر چیز کی کوئی خصوصیت ہوتی ہے"۔

☆......☆......☆......☆

اَلتَّدْرِيْبُ الْأَوَّلُ (پہلی مشق)

أَجِبْ عَنِ الْأَسْئِلَةِ الْآتِيَةِ: درجِ ذیل سوالات کے جوابات دیں۔

سوال1: لِمَاذَا غَضِبَ الْأَسَدُ؟ **ترجمہ:** شیر کیوں غصے ہوا؟

جواب: لِأَنَّ الْفَأْرَ مَشىٰ عَلىٰ رَأْسِهِ وَهُوَ نَائِمٌ۔

ترجمہ: کیوں کہ چوہا اس کے سر پر اس حال میں چلنے لگا کہ وہ سویا ہوا تھا۔

سوال2: لِمَاذَا قَبَضَ عَلَى الْفَأْرِ؟

ترجمہ: اس (شیر) نے چوہے پر کیوں حملہ کیا؟

جواب: قَبَضَ عَلَى الْفَأْرِ لِيَقْتُلَهُ.

ترجمہ: اس نے چوہے پر اس لیے حملہ کیا تاکہ وہ (شیر) اسے قتل کر دے۔

سوال3: مَا أَجَابَ الْفَأْرُ؟ **ترجمہ:** چوہے نے کیا جواب دیا؟

جواب: أَجَابَ الْفَأْرُ: "لَا تَحْتَقِرْ مَنْ دُوْنَكَ فَلِكُلِّ شَيْءٍ مَزِيَّةٌ"۔

ترجمہ: چوہے نے جواب دیا کہ: "اپنے علاوہ کو حقیر نہ سمجھ کیوں کہ ہر چیز کی کوئی خصوصیت ہوتی ہے"۔

سوال4: أَيْنَ وَقَعَ الْأَسَدُ؟ **ترجمہ:** شیر کہاں پھنس گیا؟

جواب: وَقَعَ الْأَسَدُ فِيْ شَرَكٍ نَصَبَهُ لَهُ الصَّيَّادُوْنَ.

ترجمہ: شیر اس جال میں پھنس گیا جسے اس کے لیے شکاریوں نے گاڑا تھا۔

سوال5: مَاذَا فَعَلَ الْأَسَدُ حِيْنَمَا وَقَعَ فِيْ شَرَكٍ؟

ترجمہ: شیر نے کیا کیا جب کہ وہ جال میں پھنس گیا؟

جواب: صَرَخَ الْأَسَدُ وَزَأَرَ حِيْنَمَا وَقَعَ فِيْ شَرَكٍ۔

ترجمہ: شیر چیخا اور دہاڑا جب کہ وہ جال میں پھنس گیا۔

اَلتَّدْرِيْبُ الثَّانِيْ (دوسری مشق)

رَتِّبِ الْأَلْفَاظَ وَصَحِّحِ الْجُمَلَ الْآتِيَةَ: الفاظ کو ترتیب دیں اور درجِ ذیل جملے درست کریں۔

(1)۔ غیر مرتب جملہ: لِيَقْتُلَهُ قَبَضَ الْفَأْرِ عَلَى الْأَسَدُ۔

ترتیب شدہ جملہ: قَبَضَ الْأَسَدُ عَلَى الْفَأْرِ لِيَقْتُلَهُ۔

ترجمہ: شیر نے چوہے پر قابو پالیا تاکہ اسے قتل کردے۔

(2)۔ غیر مرتب جملہ: الصَّيْفِ فِي الْمَاضِيْ زُرْتُهَا۔

ترتیب شدہ جملہ: زُرْتُهَا فِي الصَّيْفِ الْمَاضِيْ.

ترجمہ: میں نے گزشتہ موسم گرما میں اس سے ملاقات کی۔

(3)۔ غیر مرتب جملہ: الْوَالِدُ وَلَدَيْهِ أَنْ يَنْصَحَ أَرَادَ۔

ترتیب شدہ جملہ: أَرَادَ الْوَالِدُ أَنْ يَنْصَحَ وَلَدَيْهِ۔

ترجمہ: والد نے چاہا کہ اپنے دو بیٹوں کو نصیحت کرے۔

(4)۔ غیر مرتب جملہ: كَثِيْرٌ مِنَ النَّاسِ يَعْرِفُوْنَ الْمَوْزَ۔

ترتیب شدہ جملہ: يَعْرِفُ كَثِيْرٌ مِنَ النَّاسِ الْمَوْزَ۔

ترجمہ: بہت سارے لوگ کیلے کو جانتے ہیں۔

(5)۔ غیر مرتب جملہ: أَنَا الْمَدَنِيَّةِ الْأَخْبَارِ قِرَاءَةَ أُحِبُّ۔

ترتیب شدہ جملہ: أَنَا أُحِبُّ قِرَاءَةَ الْأَخْبَارِ الْمَدَنِيَّةِ۔

ترجمہ: میں مدنی خبریں پڑھنا پسند کرتا ہوں۔

اَلتَّدْرِيْبُ الثَّالِثُ (تیسری مشق)

اِيْتِ بِجُمُوْعِ الْمُفْرَدَاتِ التَّالِيَةِ: درجِ ذیل مفردات کی جمعیں لائیں/ذکر کریں۔

شمار	مفرد	معنیٰ	جمع
01	أَسَدٌ	شیر	آسَادٌ/أُسُوْدٌ/أُسُدٌ
02	فَأْرٌ	چوہا	فِئْرَانٌ
03	شَرَكٌ	شکاری کا جال	أَشْرَاكٌ/شُرُكٌ
04	حَبْلٌ	رسی/ڈوری	حِبَالٌ/حُبُوْلٌ/أَحْبَالٌ
05	شَيْءٌ	چیز	أَشْيَاءُ
06	ضَعِيْفٌ	کمزور	ضِعَافٌ/ضُعَفَاءُ/ضَعَفَةٌ
07	حِمَارٌ	گدھا	حَمِيْرٌ/أَحْمِرَةٌ/حُمُوْرٌ

شمار	مفرد	معنیٰ	جمع
08	كَبِيْرٌ	بڑا	كِبَارٌ/أَكْبَارٌ
09	حَقْلٌ	کھیت	حُقُوْلٌ
10	ثُعْبَانٌ	اژدہا/سانپ	ثَعَابِيْنُ
11	نَمِرٌ	چیتا	نِمَارٌ/أَنْمَارٌ/نُمُوْرٌ
12	تَمْرَةٌ	خشک کھجور	تَمَرَاتٌ، تُمُوْرٌ، تُمْرَانٌ

اَلتَّدْرِيْبُ الرَّابِعُ (چوتھی مشق)

تَرْجِمُوْا مَا يَأْتِيْ إِلَى الْعَرَبِيَّةِ: درجِ ذیل جملوں کا عربی میں ترجمہ کریں۔

1۔ چوہا شیر کی مدد کے لیے دوڑا۔

عربی: أَسْرَعَ الْفَأْرُ لِمُسَاعَدَةِ الْأَسَدِ۔

2۔ چوہا رسی کو تیز دانتوں سے کاٹنے لگا۔

عربی: شَرَعَ الْفَأْرُ يَقْرِضُ الْحَبْلَ بِالْأَسْنَانِ الْحَادَّةِ۔

3۔ شکاریوں نے شیر پکڑنے کے لیے جال بچھایا۔

عربی: نَصَبَ الصَّيَّادُوْنَ شَرَكًا لِقَبْضِ الْأَسَدِ۔

4۔ ڈرو مت میں چھڑا لوں گا۔

عربی: لَا تَخَفْ، أَنَا أُخَلِّصُ۔

5۔ کم تر اور ضعیفوں کو حقیر نہ جانو۔

عربی: لَا تَحْتَقِرُوا النُّحَفَاءَ وَ الضُّعَفَاءَ۔

6۔ اللہ کا خوب شکر ادا کرو۔

عربی: أُشْكُرُوا اللّٰهَ شُكْرًا كَثِيْرًا۔

سبق 6:

اَلرَّاعِیْ وَالذِّئْبُ (چرواہا اور بھیڑیا)

كَانَ وَلَدٌ يَرْعَى غَنَمًا۔ ایک لڑکا بکریاں چرایا کرتا تھا۔

فَيَخْرُجُ بِهَا كُلَّ يَوْمٍ إِلَى مَرْعًى قَرِيْبٍ مِنْ بَلَدِهِ لِتَأْكُلَ مِنَ الْعُشْبِ الْأَخْضَرِ.

چنانچہ وہ ہر روز اپنے قصبے سے قریب ایک چراگاہ کی طرف ان کے ساتھ نکلا کرتا تھا (انہیں لے کر نکلا کرتا تھا) تاکہ وہ سبز گھاس کھائیں۔

وَفِيْ أَحَدِ الْأَيَّامِ أَرَادَ أَنْ يَسْخَرَ مِنْ أَهْلِ الْقَرْيَةِ

اور دنوں میں سے ایک دن اس (لڑکے) نے چاہا کہ بستی والوں سے مذاق کرے

وَأَخَذَ يَصِيْحُ بِأَعْلَى صَوْتِهِ قَائِلاً: أَغِيْثُوْنِيْ! أَدْرِكُوْنِيْ! "اَلذِّئْبُ. اَلذِّئْبُ".

اور اس نے اپنی بلند آواز کے ساتھ (یہ) کہتے ہوئے چلانا شروع کر دیا: میری مدد کرو! میرے قریب آؤ! "بھیڑیا، بھیڑیا"۔

فَخَرَجَ الرِّجَالُ بِعِصِيِّهِمْ لِإِنْقَاذِهِ وَإِغَاثَتِهِ۔

تو آدمی اس کو بچانے اور اس کی مدد کرنے کے لیے اپنی لاٹھیوں کے ساتھ نکلے (اپنی لاٹھیاں لے کر نکل آئے)۔

وَلٰكِنَّهُمْ لَمْ يَجِدُوْا شَيْئاً۔ اور لیکن انہوں نے کوئی چیز نہ پائی،

فَعَادُوْا مِنْ حَيْثُ أَتَوْ وَالْوَلَدُ يَضْحَكُ مِنْهُمْ، وَيَسْخَرُ

پس وہ وہاں لوٹ گئے/چلے گئے جہاں سے آئے تھے اس حال میں کہ لڑکا ان سے ٹھٹھا کر رہا تھا اور مذاق (مسخری) کر رہا تھا۔

فَغَضِبَ أَهْلُ الْقَرْيَةِ مِنْ فِعْلِهِ، وَعَرَفُوْا أَنَّهُ كَاذِبٌ.

تو بستی والے اس کے (اس) کام سے غصہ ہو گئے/غصے میں آ گئے اور یہ جان گئے کہ وہ جھوٹا ہے۔

وَفِي الْيَوْمِ الثَّانِيْ أَتَى ذِئْبٌ حَقِيْقَةً۔ اور دوسرے دن حقیقت میں / اصل میں بھیڑیا آ گیا۔

فَخَافَ الْوَلَدُ وَ زَعَقَ مَرَّةً أُخْرٰى. "اَلذِّئْبُ، اَلذِّئْبُ"

تو لڑکا خوف زدہ ہو گیا اور دوسری بار چلایا: "بھیڑیا، بھیڑیا"

فَظَنَّ النَّاسُ أَنَّ الْوَلَدَ عَادَ يَسْخَرُ مِنْهُمْ كَمَا فَعَلَ أَوَّلَ مَرَّةٍ.

تو لوگوں نے یہ سمجھا کہ لڑکا دوبارہ ان سے مسخری کر رہا ہے جیسا کہ اس نے پہلی مرتبہ کی۔ (تو لوگوں نے سمجھا / گمان کیا کہ لڑکا دوبارہ آ گیا ہے وہ ان سے مسخری کر رہا ہے جیسا کہ اس نے پہلی مرتبہ کیا)

وَلِذٰلِكَ لَمْ يَهْتَمُّوْا لِصِيَاحِهٖ، اور اسی وجہ سے انہوں نے اس کے چلانے کی پروا (فکر) نہ کی۔

فَفَتَكَ الذِّئْبُ بِعَدَدٍ عَظِيْمٍ مِنَ الْغَنَمِ۔

پس بھیڑیے نے بکریوں کی ایک بڑی تعداد کو ہلاک کر دیا۔

وَلَوْ لَا كَذِبُهٗ فِي الْمَرَّةِ الْأُوْلٰى، لَصَدَّقَهُ النَّاسُ عِنْدَ صِيَاحِهٖ فِي الْمَرَّةِ الثَّانِيَةِ وَ جَاءُوْا لِنَجْدَتِهٖ۔

اور اگر پہلی مرتبہ میں اس کا جھوٹ (ثابت) نہ ہوتا، تو لوگ اس کے دوسری مرتبہ میں چلانے کے وقت ضرور اس کو سچا مان لیتے اور اس کی مدد کے لیے آ جاتے۔

☆......☆......☆......☆

اَلتَّدْرِيْبُ الْأَوَّلُ (پہلی مشق)

أَجِبْ عَنِ الْأَسْئِلَةِ الْآتِيَةِ: درج ذیل سوالات کے جوابات دیں۔

سوال 1: مَا كَانَتْ تَأْكُلُ الْغَنَمُ؟

ترجمہ: بکریاں کیا کھاتیں تھیں؟

جواب: كَانَتْ تَأْكُلُ الْغَنَمُ مِنَ الْعُشْبِ الْأَخْضَرِ۔

ترجمہ: بکریاں سبز گھاس (میں سے) کھاتیں تھیں۔

سوال 2: لِمَ صَاحَ الْوَلَدُ بِأَعْلٰى صَوْتِهِ؟

ترجمہ: لڑکا اپنی بلند آواز کے ساتھ کیوں چلایا؟

جواب: صَاحَ الْوَلَدُ بِأَعْلٰى صَوْتِهِ لِيَسْخَرَ مِنْ أَهْلِ الْقَرْيَةِ.

ترجمہ: لڑکا اپنی بلند آواز کے ساتھ اس لیے چلایا تاکہ وہ بستی والوں کے ساتھ مذاق کرے۔

سوال 3: مَاذَا فَعَلَ الرِّجَالُ حِيْنَ صَاحَ الْوَلَدُ؟

ترجمہ: آدمیوں نے کیا کیا جب لڑکا چلایا؟

جواب: خَرَجَ الرِّجَالُ بِعِصِيِّهِمْ لِإِنْقَاذِهِ وَإِغَاثَتِهِ.

ترجمہ: آدمی اسے بچانے اور اس کی مدد کرنے کے لیے اپنی لاٹھیاں لے کر نکل آئے۔

سوال 4: مَاذَا وَقَعَ فِي الْيَوْمِ الثَّانِيْ؟

ترجمہ: دوسرے دن کیا (معاملہ) پیش آیا؟

جواب: فِي الْيَوْمِ الثَّانِيْ أَتٰى ذِئْبٌ حَقِيْقَةً وَفَتَكَ بِعَدَدٍ عَظِيْمٍ مِنَ الْغَنَمِ.

ترجمہ: دوسرے دن بھیڑیا حقیقت میں آگیا اور بکریوں کی ایک بڑی تعداد کو ہلاک کر دیا۔

سوال 5: لِمَ لَمْ يُصَدِّقِ النَّاسُ الْوَلَدَ عِنْدَ صِيَاحِهِ؟

ترجمہ: لوگوں نے لڑکے کو اس کے چلانے کے وقت سچا کیوں نہیں مانا؟

جواب: لَمْ يُصَدِّقْهُ النَّاسُ عِنْدَ صِيَاحِهِ لِأَنَّهُمْ حَسِبُوْا أَنَّهُ يَسْخَرُ مِنْهُمْ كَمَا فَعَلَ أَوَّلَ مَرَّةٍ.

ترجمہ: لوگوں نے اس (لڑکے) کو اس کے چلانے کے وقت سچا اس لیے نہیں مانا کیوں کہ انہوں نے گمان کیا کہ وہ ان سے مذاق کر رہا ہے جیسا کہ اس نے پہلی مرتبہ کی۔

سوال 6: هَلْ تَجُوْزُ الْمُمَازَحَةُ بِالْكَذِبِ؟ وَلِمَاذَا؟

ترجمہ: کیا جھوٹ کے ذریعے ایک دوسرے کے ساتھ مذاق کرنا جائز ہے اور کیوں؟

جواب: لَا تَجُوْزُ لِأَنَّ الْكَذِبَ مُحَرَّمٌ فِي الْمُزَاحِ وَ الْجِدِّ۔

ترجمہ: (جھوٹ کے ذریعے مذاق کرنا) جائز نہیں ہے کیوں کہ جھوٹ مذاق اور سنجیدگی میں حرام ہے۔

اَلتَّدْرِيْبُ الثَّانِيْ (دوسری مشق)

حَوِّلِ الْجُمْلَةَ الْفِعْلِيَّةَ إِلَى الْإِسْمِيَّةِ، وَالْإِسْمِيَةَ إِلَى فِعْلِيَّةٍ:

جملہ فعلیہ کو اسمیہ اور اسمیہ کو فعلیہ میں تبدیل کریں۔

1۔ خَرَجَ الرِّجَالُ بِعِصِيِّهِمْ لِإِنْقَاذِهِ۔ (جملہ فعلیہ)

اَلرِّجَالُ خَرَجُوْا بِعِصِيِّهِمْ لِإِنْقَاذِهِ۔ (اب یہ جملہ اسمیہ بن گیا ہے)

ترجمہ: لوگ اسے بچانے کے لیے اپنی لاٹھیاں لے کر نکل آئے۔

2۔ ظَنَّ النَّاسُ أَنَّ الْوَلَدَ عَادَ يَسْخَرُ مِنْهُمْ۔ (جملہ فعلیہ)

اَلنَّاسُ ظَنَّتْ أَنَّ الْوَلَدَ عَادَ يَسْخَرُ مِنْهُمْ۔ (اب یہ جملہ اسمیہ بن گیا ہے)

ترجمہ: لوگوں نے گمان کیا کہ لڑکا لوٹ آیا ہے اس حال میں کہ ان سے مذاق کر رہا ہے۔

3۔ اَلْاِبْنَةُ تُطْعِمُ الْحَيَوَانَ۔ (جملہ اسمیہ)

تُطْعِمُ الْاِبْنَةُ الْحَيَوَانَ۔ (اب یہ جملہ فعلیہ بن گیا ہے)

ترجمہ: لڑکی جانور کو کھانا کھلاتی ہے۔

4۔ اَلْقَوَافِلُ الْمَدَنِيَّةُ ذَهَبُوْا إِلَى بِلَادٍ مُخْتَلِفَةٍ لِتَبْلِيْغِ الْإِسْلَامِ۔ (جملہ اسمیہ)

ذَهَبَتِ الْقَوَافِلُ الْمَدَنِيَّةُ إِلَى بِلَادٍ مُخْتَلِفَةٍ لِتَبْلِيْغِ الْإِسْلَامِ۔ (اب یہ جملہ فعلیہ بن گیا ہے)

ترجمہ: اسلام کو پھیلانے کے لیے مختلف شہروں/خطوں میں مدنی قافلے گئے۔

5۔ مَدَحَ الرِّجَالُ الْقَنَاةَ الْمَدَنِيَّةَ۔ (جملہ فعلیہ)

اَلرِّجَالُ مَدَحُوا الْقَنَاةَ الْمَدَنِيَّةَ۔ (اب یہ جملہ اسمیہ بن گیا ہے)

ترجمہ: لوگوں نے مدنی چینل کی تعریف کی۔

6۔ اَلتِّلْمِيْذُ يُتِمُّ مَا كَتَبَ الْمُدَرِّسُ۔ (جملہ اسمیہ)

يُتِمُّ التِّلْمِيْذُ مَا كَتَبَ الْمُدَرِّسُ۔ (اب یہ جملہ فعلیہ بن گیا ہے)

ترجمہ: طالب علم اس (کام) کو پورا کرتا ہے جو استاد نے ضروری قرار دے دیا۔

اَلتَّدْرِيْبُ الثَّالِثُ (تیسری مشق)

تَرْجِمُوْا مَا يَأْتِيْ إِلَى الْعَرَبِيَّةِ: درج ذیل جملوں کا عربی میں ترجمہ کریں۔

1۔ ایک لڑکا کپڑے بیچا کرتا تھا اور روزانہ انہیں لے کر ایک قریبی بستی کی طرف نکلا کرتا تھا۔

عربی: كَانَ وَلَدٌ يَبِيْعُ الْأَثْوَابَ وَ يَخْرُجُ بِهَا كُلَّ يَوْمٍ إِلٰى قَرْيَةٍ قَرِيْبَةٍ۔

2۔ ایک دن اس نے ارادہ کیا کہ اپنے دوستوں سے مذاق کرے۔

عربی: أَرَادَ فِيْ يَوْمٍ أَنْ يَسْخَرَ مِنْ اَصْدِقَائِهٖ۔

3۔ جھوٹ میں کوئی خیر نہیں۔

عربی: لَا خَيْرَ فِي الْكَذِبِ۔

4۔ ڈاکٹر سمجھا کہ مریض صحیح ہو گیا۔

عربی: حَسِبَ الطَّبِيْبُ أَنَّ الْمَرِيْضَ قَدْ صَحَّ۔

5۔ مسخرہ پن ہلاکت کا سبب ہے۔

عربی: اَلسُّخْرِيَّةُ سَبَبُ الْهَلَاكِ۔

6۔ لوگ مدد کو پہنچے۔

عربی: بَلَغَ النَّاسُ لِلنُّصْرَةِ/وَصَلَ النَّاسُ لِلْإِغَاثَةِ۔

سبق 7:

أَعْمَالٌ مَشْرُوعَةٌ وَأَعْمَالٌ غَيْرُ مَشْرُوعَةٍ

(جائز کام اور ناجائز کام)

يَشْتَغِلُ كَثِيْرٌ مِنَ النَّاسِ، لِأَجْلِ جَمْعِ الْمَالِ بِطُرُقٍ مُخْتَلِفَةٍ،

لوگوں میں سے بہت /بہت سے لوگ مختلف طریقوں سے مال جمع کرنے کی وجہ سے مصروف رہتے ہیں،

بَعْضُهُمْ يَجْمَعُهُ بِالْأَعْمَالِ الْمَشْرُوعَةِ كَالتِّجَارَةِ وَالصِّنَاعَةِ وَالزِّرَاعَةِ،

ان میں سے بعض اس (مال) کو جائز کاموں/ہنروں کے ذریعے جمع کرتے ہیں جیسا کہ تجارت (خرید و فروخت) اور کاری گری اور کھیتی باڑی۔

وَيُنْفِقُ بَعْضَ مَالِهِ فِيْ وُجُوْهِ الْخَيْرِ، فَيَكْتَسِبُ مَوَدَّةَ النَّاسِ وَرِضَا الْخَالِقِ.

اور اپنے مال کا کچھ حصہ نیکی کے راستوں میں خرچ کرتے ہیں، پس وہ لوگوں کی محبت اور خالق کی رضا (اللہ کی خوشنودی) حاصل کرتے ہیں۔

وَبَعْضُهُمْ يَجْمَعُهُ بِأَعْمَالٍ غَيْرِ الْمَشْرُوعَةِ؛ كَالسَّرِقَةِ وَالْغِشِّ وَالرِّبَا

اور ان میں سے کچھ اس (مال) کو ناجائز کاموں کے ذریعے جمع کرتے ہیں؛ جیسا کہ چوری اور دھوکہ اور سود

وَيَعِيْشُ هٰؤُلَاءِ فِيْ غَفْلَةٍ عَنِ الْمَوْتِ وَالْحِسَابِ

اور یہ موت اور حساب سے غفلت میں زندگی گزارتے ہیں۔

حَتّٰى إِذَا أَدْرَكَهُمُ الْمَوْتُ تَرَكُوْا أَمْوَالَهُمْ لِغَيْرِهِمْ يَتَصَرَّفُوْنَ فِيْهَا كَمَا يَشَاؤُوْنَ

یہاں تک کہ جب انہیں موت پہنچتی (آتی) ہے تو وہ اپنے مالوں کو اپنے غیر (یعنی دوسروں) کے لئے چھوڑ جاتے ہیں جو ان (مالوں) میں جیسے چاہتے ہیں اختیار چلاتے ہیں۔

وَأَصْبَحُوْا بَيْنَ يَدَيْ خَالِقِهِمُ الَّذِيْ لَا يَعْذِرُهُمْ مِنْ غَفْلَتِهِمْ وَمِنْ ظُلْمِهِمْ لِغَيْرِهِمْ وَلِأَنْفُسِهِمْ۔

اور اپنے اس خالق کے سامنے (حاضر) ہو جاتے ہیں جو انہیں ان کی غفلت کی وجہ سے اور ان کے اپنے اوپر اور اپنے غیر (یعنی دوسروں) پر ظلم کرنے کی وجہ سے معاف نہیں کرے گا۔

وَعَلَى الْعَاقِلِ أَنْ يَعْمَلَ عَمَلَ الْفَرِيْقِ الْأَوَّلِ.

اور عقل مند پر یہ (لازم) ہے کہ وہ پہلے گروہ کا سا کام کرے۔

وَأَنْ يَتَجَنَّبَ طَرِيْقَ الْفَرِيْقِ الثَّانِيْ لِيَكُوْنَ إِنْسَانًا صَالِحًا لِنَفْسِهِ وَلِمُجْتَمَعِهِ.

اور یہ (لازم ہے) کہ دوسرے گروہ کے راستے سے بچے تاکہ وہ اپنے لیے اور اپنے معاشرے کے لئے اچھا انسان بنے/ہو۔

☆......☆......☆......☆

اَلتَّدْرِيْبُ الْأَوَّلُ (پہلی مشق)

أَجِبْ عَنِ الْأَسْئِلَةِ الْآتِيَةِ۔ درج ذیل سوالات کے جوابات دیں۔

سوال1: مَثِّلْ لِلْأَعْمَالِ الْمَشْرُوْعَةِ وَالْأَعْمَالِ غَيْرِ الْمَشْرُوْعَةِ؟

ترجمہ: جائز کاموں (ہنروں) اور ناجائز کاموں کی مثال بیان کریں؟

جواب: اَلْأَعْمَالُ الْمَشْرُوْعَةُ هِيَ: كَالتِّجَارَةِ، وَ النِّجَارَةِ، وَ التَّمْرِيْضِ وَ غَيْرِهَا وَالْأَعْمَالُ غَيْرُ الْمَشْرُوْعَةِ هِيَ: كَالْمُرَابَاةِ وَالسَّرِقَةِ وَ النَّهْبِ وَ غَيْرِهَا.

ترجمہ: جائز کام یہ ہیں: جیسے کہ تجارت، اور کارپینٹری، اور نرسنگ وغیرہ۔ اور ناجائز کام یہ ہیں: جیسے کہ سود دینا اور چوری کرنا اور لوٹ مار کرنا وغیرہ۔

سوال2: مَا الْأَعْمَالُ الَّتِيْ تَنْوِي الْقِيَامَ بِهَا؟

ترجمہ: وہ کون سے کام ہیں جن کو کرنے کی آپ کی نیت رکھتے ہیں/ جن کو آپ کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں؟

جواب: اَلْأَعْمَالُ الَّتِيْ أَنْوِي الْقِيَامَ بِهَا هِيَ: اَلتِّجَارَةُ وَالصِّنَاعَةُ وَالزِّرَاعَةُ.

ترجمہ: وہ کام جنہیں کرنے کا میں ارداہ رکھتا ہوں وہ یہ ہیں: تجارت اور کاری گری اور زراعت۔

سوال 3: مَاذَا يَجِبُ عَلَى الْإِنْسَانِ الْعَاقِلِ؟

ترجمہ: عقل مند انسان پر کیا چیز لازم ہے؟

جواب: يَجِبُ عَلَى الْإِنْسَانِ الْعَاقِلِ أَنْ يَّكُوْنَ صَالِحاً لِنَفْسِهِ وَلِمُجْتَمَعِهِ.

ترجمہ: عقل مند انسان پر یہ لازم ہے کہ وہ اپنے لیے اور اپنے معاشرے کے لیے نیک بنے۔

سوال 4: هَلْ يَحْسَبُ السَّارِقُ وَ الْغَاشُّ وَ الْمُرَابِيْ حِسَابَ الْمَوْتِ؟

ترجمہ: کیا چور اور دھوکہ باز اور سود کا معاملہ کرنے والا مرنے کے حساب کا اندازہ کر سکتا ہے؟

جواب: لَا، لِأَنَّهُ يَعِيْشُ فِيْ غَفْلَةٍ عَنِ الْمَوْتِ وَ الْحِسَابِ.

ترجمہ: نہیں، کیوں کہ وہ موت اور حساب سے غفلت میں زندگی گزار رہا ہوتا ہے۔

اَلتَّدْرِيْبُ الثَّانِيْ (دوسری مشق)

مَيِّزِ الْكَسْبَ الْمَشْرُوْعَ مِنْ غَيْرِ الْمَشْرُوْعِ فِيْمَا يَأْتِيْ:

جائز کمائی کو ناجائز کمائی سے الگ کریں اس میں جو آئے:

درجِ ذیل (کمائیوں) میں سے جائز کمائی کو ناجائز سے الگ کریں۔

1. رَاتِبُ الْوَظِيْفَةِ۔ (ملازمت کی تنخواہ)

2. اَلرِّشْوَةُ (رشوت)

3. اَلتَّسَوُّلُ (بھیک مانگنا)

4. أُجْرَةُ الْحَمَّالِ (مال بَرداروں/مال اٹھانے والوں کی اجرت)

5. بَيْعُ الْمُخَدِّرَاتِ (نشہ آور چیزوں کی خرید و فروخت)

6. اَلتَّهْرِيْبُ (اسمگلنگ یعنی خلاف قانون درآمد یا برآمد کرنا)

7. دَخْلُ الْمُحَامِيْ (عدالت کے وکیل کی آمدنی)

جواب:

شمار	سوال میں مذکور کمائیاں	ان کمائیوں کا حکم
1	رَاتِبُ الْوَظِيْفَةِ	کسبِ مشروع (جائز کمائی)
2	اَلرِّشْوَةُ	کسبِ غیرِ مشروع (ناجائز کمائی)
3	اَلتَّسَوُّلُ	کسبِ غیر مشروع (ناجائز کمائی)
4	أُجْرَةُ الْحَمَّالِ	کسبِ مشروع (جائز کمائی)
5	بَيْعُ الْمُخَدِّرَاتِ	کسبِ غیر مشروع (ناجائز کمائی)
6	اَلتَّهْرِيْبُ	کسبِ غیر مشروع (ناجائز کمائی)
7	دَخْلُ الْمُحَامِيْ	کسبِ مشروع (جائز کمائی)

اَلتَّدْرِيْبُ الثَّالِثُ (تیسری مشق)

تَرْجِمُوْا مَا يَأْتِيْ إِلَى الْعَرَبِيَّةِ: درجِ ذیل جملوں کا عربی میں ترجمہ کریں۔

1۔ بہت سے لوگ جائز ذرائع سے مال کماتے ہیں۔

عربی: يَكْسِبُ كَثِيْرٌ مِنَ النَّاسِ الْمَالَ بِطُرُقٍ/بِأَسْبَابٍ مَشْرُوْعَةٍ.

2۔ بہت سے لوگ ناجائز ذرائع سے مال کماتے ہیں۔

عربی: يَكْسِبُ كَثِيْرٌ مِنَ النَّاسِ الْمَالَ بِأَسْبَابٍ غَيْرِ مَشْرُوْعَةٍ.

3۔ حلال کمانے والا اللہ کا دوست ہے۔

عربی: كَاسِبُ الْحَلَالِ حَبِيْبُ اللهِ.

4۔ سود سے بچو۔

عربی: تَجَنَّبُوْا مِنَ الرِّبَا

5۔ انسان کو چاہیے کہ اپنے لیے اور معاشرے کے لیے نیک بنے۔

عربی: يَنْبَغِيْ لِلْإِنْسَانِ أَنْ يَكُوْنَ صَالِحاً لِنَفْسِهِ وَلِلْمُجْتَمَعِ۔

سبق 8:

اَلشَّرُّ بِالشَّرِّ (برائی کا بدلہ برائی)

كَانَ وَلَدٌ فَقِيْرٌ جَالِساً فِي الطَّرِيْقِ يَأْكُلُ خُبْزاً فَرَأٰى كَلْباً نَائِماً عَلٰى بُعْدٍ.

ایک ضرورت مند لڑکا راستے میں بیٹھا روٹی کھا رہا تھا چنانچہ اس نے دور/دوری پر ایک سوئے ہوئے کتے کو دیکھا۔

فَنَادَاهُ وَمَدَّ لَهُ يَدَهُ بِقِطْعَةٍ مِنَ الْخُبْزِ

پس اس (لڑکے) نے اسے بلایا اور اس کے لیے روٹی کے ٹکڑے کے ساتھ اپنا ہاتھ بڑھایا۔

حَتّٰى ظَنَّ الْكَلْبُ أَنَّهُ سَيُعْطِيْهِ مِنْهُ لُقْمَةً ۔

یہاں تک کہ کتے نے سمجھا کہ وہ (لڑکا) عن قریب اسے اس (روٹی) میں سے ایک نوالہ دے گا۔

فَقَرُبَ مِنْهُ لِيَتَنَاوَلَ الْخُبْزَ فَضَرَبَهُ الصَّبِيُّ بِالْعَصَا عَلٰى رَأْسِهِ ۔

تو وہ (کتا) اس سے قریب ہوا تاکہ روٹی کھائے تو بچے نے اسے لاٹھی کے ساتھ اس کے سر پر مارا/اس کے سر پہ لاٹھی ماری۔

فَفَرَّ الْكَلْبُ وَهُوَ يَعْوِيْ مِنْ شِدَّةِ الْأَلَمِ ۔

تو کتا اس حال میں بھاگا کہ وہ درد کی شدت کی وجہ سے چیخ رہا تھا۔

وَفِيْ ذٰلِكَ الْوَقْتِ كَانَ رَجُلٌ يُطِلُّ مِنْ شُبَّاكِهِ وَرَأٰى مَا فَعَلَ الصَّبِيُّ.

اور اس وقت میں ایک آدمی اپنی کھڑکی سے جھانک رہا تھا اور اس نے وہ دیکھا وہ جو کچھ بچے نے کیا۔

فَنَزَلَ إِلَى الْبَابِ وَمَعَهُ عَصاً خَبَأَهَا وَرَاءَهُ.

پس وہ دروازے کی طرف نکلا اس حال میں کہ اس کے ساتھ/پاس ایک لاٹھی تھی جسے اس نے اپنے پیچھے چھپا رکھا تھا۔

وَنَادَى الصَّبِيَّ وَأَبْرَزَ لَهُ قِرْشاً. فَأَسْرَعَ الصَّبِيُّ وَمَدَّ يَدَهُ لِيَأْخُذَ الْقِرْشَ.

اور اس نے بچے کو بلایا اور اس کے لیے سکّہ ظاہر کیا۔ پس لڑکا دوڑا اور اپنا ہاتھ بڑھایا تاکہ سکّہ لے۔

فَضَرَبَهُ الرَّجُلُ بِالْعَصَا عَلَى أَصَابِعِهِ ضَرْبَةً جَعَلَتْهُ يَصْرُخُ أَكْثَرَ مِنَ الْكَلْبِ

تو (اس) آدمی نے اسے ڈنڈے کے ساتھ اس کی انگلیوں پر ایک ایسی ضرب (چوٹ) ماری جس نے اسے اس حال میں کر دیا کہ وہ کتے سے زیادہ چیخ رہا تھا۔ (تو آدمی نے اسے ڈنڈے کے ذریعے اس کی انگلیوں پر ایک ایسی ضرب ماری جس نے اسے کتے سے زیادہ چیخنے والا بنا دیا)

ثُمَّ قَالَ لِلرَّجُلِ "لِمَ تَضْرِبُنِي وَأَنَا لَمْ أَطْلُبْ مِنْكَ شَيْئاً".

پھر اس (لڑکے) نے آدمی سے کہا: تو مجھے کیوں مارتا ہے حال آں کہ میں نے تجھ سے کچھ نہیں مانگا۔

فَأَجَابَهُ الرَّجُلُ: "وَلِمَ تَضْرِبُ الْكَلْبَ وَهُوَ لَمْ يَطْلُبْ مِنْكَ شَيْئاً".

تو آدمی نے اسے جواب دیا کہ: اور تو کتے کو کیوں مارتا ہے حال آں کہ اس نے (بھی تو) تجھ سے کوئی چیز نہیں مانگی۔

اَلْمَغْزٰى: جَزَاءُ سَيِّئَةٍ سَيِّئَةٌ مِثْلُهَا.

نتیجہ: برائی کی سزا اسی جیسی برائی ہے۔

☆......☆......☆......☆

اَلتَّدْرِيبُ الْأَوَّلُ (پہلی مشق)

أَجِبْ عَنِ الْأَسْئِلَةِ الْآتِيَةِ: درج ذیل سوالات کے جوابات دیں۔

سوال 1: أَيْنَ كَانَ الْوَلَدُ جَالِساً؟ ترجمہ: لڑکا کہاں بیٹھا تھا؟

جواب: كَانَ الْوَلَدُ جَالِساً فِي الطَّرِيقِ۔ ترجمہ: لڑکا راستے میں بیٹھا تھا۔

سوال 2: مَاذَا رَأَى الْوَلَدُ؟ ترجمہ: لڑکا کہاں بیٹھا تھا؟

جواب: رَأَى الْوَلَدُ كَلْباً نَائِماً عَلَى بُعْدٍ۔ ترجمہ: لڑکے نے دور سوئے ہوئے کتے کو دیکھا۔

سوال 3: هَلْ أَعْطَى الْوَلَدُ الْكَلْبَ خُبْزاً؟ ترجمہ: کیا لڑکے نے کتے کو روٹی دی؟

جواب: لَا، مَا أَعْطَى الْوَلَدُ الْكَلْبَ خُبْزاً۔ ترجمہ: نہیں، لڑکے نے کتے کو روٹی نہیں دی۔

سوال 4: مَاذَا فَعَلَ الرَّجُلُ بِالصَّبِيِّ؟ ترجمہ: آدمی نے لڑکے کے ساتھ کیا کیا؟

جواب: نَادَى الرَّجُلُ الصَّبِيَّ وَ أَبْرَزَ لَهُ قِرْشاً. فَأَسْرَعَ الصَّبِيُّ وَ مَدَّ يَدَهُ لِيَأْخُذَ الْقِرْشَ. فَضَرَبَهُ الرَّجُلُ بِالْعَصَا عَلٰى أَصَابِعِهِ.

ترجمہ: آدمی نے لڑکے کو بلایا اور اس کے سامنے سکّہ نکالا۔ پس لڑکا دوڑا اور اپنا ہاتھ بڑھایا تاکہ سکّہ لے۔ تو (اس) آدمی نے اسے ڈنڈے کے ساتھ اس کی انگلیوں پر مارا۔

سوال 5: مَاذَا أَجَابَ الرَّجُلُ لِلصَّبِيِّ؟ ترجمہ: آدمی نے لڑکے کو کیا جواب دیا؟

جواب: أَجَابَ الرَّجُلُ لِلصَّبِيِّ: "لِمَ تَضْرِبُ الْكَلْبَ وَهُوَ لَمْ يَطْلُبْ مِنْكَ شَيْئاً".

ترجمہ: آدمی نے لڑکے کو جواب دیا کہ: تو کتے کو کیوں مارتا ہے حال آں کہ اس نے (بھی تو) تجھ سے کوئی چیز نہیں مانگی۔

اَلتَّدْرِيْبُ الثَّانِيْ (دوسری مشق)

أَكْمِلْ: درج ذیل جملے مکمل کریں۔

كَانَ وَلَدٌ فَقِيْرٌ جَالِساً فِي الطَّرِيْقِ۔ ایک ضرورت مند لڑکا راستے میں بیٹھا ہوا تھا۔

نامکمل جملہ: كَانَ وَلَدٌ غَنِيٌّ......

مکمل جملہ: كَانَ وَلَدٌ غَنِيٌّ يَتَصَدَّقُ عَلَى الْفُقَرَاءِ.

ترجمہ: مال دار لڑکا فقیروں پر صدقہ کرتا تھا۔

نامکمل جملہ: كَانَ أَبِيْ...........

مکمل جملہ: كَانَ أَبِيْ يَعْمَلُ فِي الْمَصْنَعِ /مَصْنَعِ الْقُطْنِ.

ترجمہ: میرے ابو فیکٹری/کاٹن فیکٹری میں کام کرتے تھے۔

نامکمل جملہ: كَانَ جَارِيْ......

مکمل جملہ: كَانَ جَارِيْ يَتَوَظَّفُ فِي الْكَرَاتْشِيْ.

ترجمہ: میرا پڑوسی کراچی میں نوکری کرتا تھا۔

نامکمل جملہ: كَانَ صَدِيْقُهُ......

مکمل جملہ: كَانَ صَدِيْقُهُ يَخْدِمُ أَبَوَيْهِ.

ترجمہ: اس کا دوست اپنے والدین کی خدمت کرتا تھا۔

نامکمل جملہ: كَانَ أَخِيْ..........

مکمل جملہ: كَانَ أَخِيْ يَقْرَأُ بِجَامِعَةِ الْمَدِيْنَةِ بِلَاهُوْرَ.

ترجمہ: میرا بھائی لاہور میں جامعۃ المدینہ میں پڑھتا تھا۔

اَلتَّدْرِيْبُ الثَّالِثُ (تیسری مشق)

تَرْجِمُوْا مَا يَأْتِيْ إِلَى الْعَرَبِيَّةِ: درج ذیل جملوں کا عربی میں ترجمہ کریں۔

1۔ ایک آدمی کرسی پر بیٹھے ہوئے کتاب پڑھ رہا تھا۔

عربی: كَانَ رَجُلٌ جَالِساً عَلَى الْكُرْسِيِّ يَقْرَأُ كِتَاباً.

2۔ میں نے سمجھا کہ وہ کامیاب ہو جائے گا۔

عربی: حَسِبْتُ أَنَّهُ يَفُوْزُ۔

3۔ رات کے وقت کتا بھونک رہا تھا۔

عربی: كَانَ كَلْبٌ يَنْبَحُ وَقْتَ اللَّيْلِ۔

4۔ طالب علم نے اپنا ہاتھ بڑھایا تاکہ انعام لے۔

عربی: مَدَّ الطَّالِبُ يَدَهُ لِيَتَنَاوَلَ الْجَائِزَةَ۔

5۔ لوگوں نے دور پانی کا ایک کنواں دیکھا۔ **عربی:** رَأَى النَّاسُ بِئْرَ الْمَاءِ عَلٰى بُعْدٍ۔

سبق 9:

اَلذِّئْبُ وَالْخَرُوْفُ (بھیڑیا اور بکری کا بچہ)

رَأٰى ذِئْبٌ خَرُوْفاً صَغِيْراً يَشْرَبُ مِنْ مَاءِ النَّهْرِ فَأَرَادَ أَنْ يَّأْكُلَهُ.

بھیڑیے نے بکری کے چھوٹے بچے کو دیکھا جو نہر کے پانی سے پی رہا تھا/نہر کا پانی پی رہا تھا تو اس نے چاہا کہ اسے کھا جائے۔

فَاقْتَرَبَ مِنْهُ وَقَالَ لَهُ: أَيُّهَا الْخَرُوْفُ لَقَدْ عَكَّرْتَ الْمَاءَ عَلَيَّ.

تو وہ اس سے قریب ہوا اور اس سے کہا: اے میمنے (یعنی بکری کے بچے) بے شک تو نے میرے لیے پانی گدلا کر دیا۔

قَالَ الْخَرُوْفُ: لَا، يَا سَيِّدِيْ فَإِنَّ الْمَاءَ يَجْرِيْ مِنْ عِنْدِكَ وَيَأْتِيْ إِلٰى جِهَتِيْ.

میمنے نے کہا: نہیں، اے میرے آقا کیوں کہ پانی تیرے پاس سے بہتا ہے اور میری طرف آتا ہے۔

فَقَالَ الذِّئْبُ: وَلٰكِنَّكَ شَتَمْتَنِيْ قَبْلَ سَنَةٍ.

تو بھیڑیے نے کہا: اور لیکن تو نے مجھے ایک سال پہلے گالی دی تھی۔

قَالَ الْخَرُوْفُ: إِنَّ عُمُرِيْ سِتَّةُ أَشْهُرٍ، فَكَيْفَ شَتَمْتُكَ قَبْلَ سَنَةٍ؟

میمنے نے کہا: بے شک میری عمر چھے ماہ (کی) ہے، تو میں نے تجھے ایک سال پہلے کیسے گالی دے لی تھی؟

فَقَالَ الذِّئْبُ: اَلْخَرُوْفُ الَّذِيْ شَتَمَنِيْ يُشْبِهُكَ.

تو بھیڑیے نے کہا: وہ میمنا (بکری کا بچہ) جس نے مجھے گالی دی تھی تیرا ہم شکل ہے۔

وَلَا بُدَّ أَنَّهُ أَخُوْكَ. اور کوئی چھٹکارہ نہیں اس سے کہ/اور یقیناً کہ وہ تیرا بھائی ہوگا۔

فَقَالَ الْخَرُوْفُ: لَيْسَ لِيْ إِخْوَةٌ أَبَداً.

میمنے نے کہا: میرے لیے بالکل بھائی نہیں ہیں۔

قَالَ الذِّئْبُ: إِذَنْ هُوَ أَحَدُ أَقَارِبِكَ، وَلَا بُدَّ أَنْ أَنْتَقِمَ مِنْكَ

بھیڑیے نے کہا: تب تو وہ تیرے رشتہ داروں میں سے کوئی ایک ہوگا، اور ضروری ہے یہ کہ میں تجھ سے بدلہ لوں۔

فَهَجَمَ عَلَيْهِ وَقَتَلَهُ فَأَكَلَهُ.

تو اس (بھیڑیے) نے اس پر حملہ کر دیا اور اسے قتل کر ڈالا پھر اسے کھا گیا۔

اَلتَّدْرِيْبُ الْأَوَّلُ (پہلی مشق)

أَجِبْ عَنِ الْأَسْئِلَةِ الْآتِيَةِ: درج ذیل سوالات کے جوابات دیں۔

سوال1: مَاذَا رَأَى الذِّئْبُ؟ ترجمہ: بھیڑیے نے کیا دیکھا؟

جواب: رَأَى الذِّئْبُ خَرُوْفاً صَغِيْراً۔ ترجمہ: بھیڑیے نے بکری کے چھوٹے بچے کو دیکھا۔

سوال2: مَاذَا أَرَادَ الذِّئْبُ حِيْنَمَا رَأَى الْخَرُوْفَ؟

ترجمہ: بھیڑیے نے کیا ارادہ کیا جب کہ اس نے میمنے کو دیکھا؟

جواب: أَرَادَ الذِّئْبُ أَنْ يَأْكُلَ الْخَرُوْفَ حِيْنَمَا رَآهُ.

ترجمہ: بھیڑیے نے ارادہ کیا کہ میمنے کو کھا جائے جب کہ اس (بھیڑیے) نے اسے دیکھا۔

سوال3: مَاذَا قَالَ الذِّئْبُ لِلْخَرُوْفِ حِيْنَمَا رَآهُ شَارِباً؟

ترجمہ: بھیڑیے نے میمنے کو کیا کہا جب کہ اس نے اس بھیڑ کے بچے کو (پانی) پیتے دیکھا؟

جواب: قَالَ الذِّئْبُ لِلْخَرُوْفِ: أَيُّهَا الْخَرُوْفُ لَقَدْ عَكَّرْتَ الْمَاءَ عَلَيَّ.

ترجمہ: بھیڑیے نے میمنے کو کہا: اے میمنے تو نے میرے لیے پانی گدلا کر دیا۔

سوال4: مَاذَا أَجَابَ الْخَرُوْفُ؟

ترجمہ: میمنے نے کیا جواب دیا؟

جواب: أَجَابَ الْخَرُوْفُ: يَا سَيِّدِيْ إِنَّ الْمَاءَ يَجْرِيْ مِنْ عِنْدِكَ وَيَأْتِيْ إِلٰى جِهَتِيْ.

ترجمہ: میمنے نے جواب دیا: اے میرے سردار بے شک پانی تیرے پاس سے بہتا ہے اور اور میری طرف آتا ہے۔

سوال 5: كَمْ كَانَ عُمْرُ الْخَرُوْفِ؟ ترجمہ: میمنے کی کتنی عمر تھی؟

جواب: كَانَ عُمْرُ الْخَرُوْفِ سِتَّةَ أَشْهُرٍ. ترجمہ: میمنے کی عمر چھے ماہ تھی۔

سوال 6: هَلْ كَانَ لِلْخَرُوْفِ أَخٌ؟ ترجمہ: کیا میمنے کا کوئی بھائی تھا؟

جواب: لَا، مَا كَانَ لِلْخَرُوْفِ أَخٌ. ترجمہ: نہیں، میمنے کا کوئی بھائی نہیں تھا۔

سوال 7: مَاذَا فَعَلَ الذِّئْبُ بِالْخَرُوْفِ؟ ترجمہ: بھیڑیے نے میمنے کے ساتھ کیا کیا؟

جواب: هَجَمَ الذِّئْبُ عَلَى الْخَرُوْفِ وَقَتَلَهُ فَأَكَلَهُ.

ترجمہ: بھیڑیے نے میمنے پر حملہ کر دیا اور اسے قتل کر دیا پھر اسے کھا گیا۔

اَلتَّدْرِيْبُ الثَّانِيْ (دوسری مشق)

أَكْمِلْ: مکمل کریں۔

إِنَّ عُمْرِيْ سِتَّةُ أَشْهُرٍ. (بے شک میری عمر چھے ماہ ہے)

نامکمل جملہ: إِنَّ عُمْرِيْ أَرْبَعٌ وَعِشْرُوْنَ.....

مکمل جملہ: إِنَّ عُمْرِيْ أَرْبَعٌ وَعِشْرُوْنَ سَنَةً. ترجمہ: بے شک میری عمر چوبیس سال ہے۔

نامکمل جملہ: إِنَّ عُمْرِيْ سَبْعٌ وَعِشْرُوْنَ....

مکمل جملہ: إِنَّ عُمْرِيْ سَبْعٌ وَعِشْرُوْنَ سَنَةً. ترجمہ: بے شک میری عمر ستائیس سال ہے۔

نامکمل جملہ: إِنَّ عُمْرَهُ تِسْعٌ وَعِشْرُوْنَ....

مکمل جملہ: إِنَّ عُمْرَهُ تِسْعٌ وَعِشْرُوْنَ سَنَةً. ترجمہ: بے شک اس (مذکر) عمر انتیس سال ہے۔

نامکمل جملہ: إِنَّ عُمُرَهَا أَحَدَ عَشَرَ....

مکمل جملہ: إِنَّ عُمُرَهَا أَحَدَ عَشَرَ شَهْراً۔ ترجمہ: بے شک اس (مؤنث) کی عمر گیارہ ماہ ہے

نامکمل جملہ: إِنَّ عُمُرَكَ إِثْنَا عَشَرَ.....

مکمل جملہ: إِنَّ عُمُرَكَ إِثْنَا عَشَرَ سَنَةً۔ ترجمہ: بے شک تیری عمر بارہ سال ہے۔

اَلتَّدْرِيْبُ الثَّالِثُ (تیسری مشق)

تَرْجِمُوْا مَا يَأْتِيْ إِلَى الْعَرَبِيَّةِ: درجِ ذیل جملوں کا عربی میں ترجمہ کریں۔

1۔ میں نے چھوٹے بچے کو چائے پیتے ہوئے دیکھا۔

عربی: رَأَيْتُ وَلَداً صَغِيْراً يَشْرَبُ الشَّايَ۔

2۔ ریت نے پانی کو گدلا کر دیا۔

عربی: عَكَّرَ الرَّمْلُ مَاءاً۔

3۔ پانی نہر سے بہتا ہے اور دریا کی طرف آتا ہے۔

عربی: اَلْمَاءُ يَجْرِيْ مِنَ النَّهْرِ وَيَأْتِيْ إِلَى الْبَحْرِ۔

4۔ اس کی عمر سات ماہ ہے۔

عربی: عُمُرُهُ سَبْعَةُ أَشْهُرٍ۔

5۔ یقیناً وہ تمہارا دوست ہے۔

عربی: لَا بُدَّ أَنَّهُ صَدِيْقُكَ۔

سبق 10

اَلثَّعْلَبُ الذَّكِيُّ

عَطِشَ ثَعْلَبٌ وَ ذَهَبَ إِلٰی بِئْرٍ لِيَشْرَبَ فَسَقَطَ فِيْهَا.

لومڑی پیاسی ہوگئی/لومڑ کو پیاس لگی اور وہ کنویں کی طرف گئی تاکہ (پانی) پیئے تو وہ اس میں گر گئی۔

وَلَمَّا شَرِبَ أَرَادَ الْخُرُوْجَ فَلَمْ يَقْدِرْ لِارْتِفَاعِ جِدَارِ الْبِئْرِ.

اور جب اس نے (پانی) پی لیا تو اس نے باہر آنا/نکلنا چاہا تو وہ کنویں کی دیوار کے بلند ہونے کی وجہ سے (باہر نکلنے پر) قادر نہ ہو سکی۔

وَبَعْدَ قَلِيْلٍ أَتَتْ عَنْزٌ لِتَشْرَبَ مِنْهَا فَرَأَتِ الثَّعْلَبَ فِيْهَا.

اور تھوڑی (دیر) کے بعد ایک بکری آئی تاکہ اس (کنویں) میں سے (پانی) پیئے تو اس نے اس میں لومڑی کو دیکھا۔

فَسَأَلَتْهُ "هَلْ مَاءُ هٰذِهِ الْبِئْرِ عَذْبٌ".

تو اس (بکری) نے اس سے پوچھا: کیا اس کنویں کا پانی میٹھا ہے؟

فَقَالَ الثَّعْلَبُ: نَعَمْ بَلْ هُوَ أَعْذَبُ مَا ذُقْتُ طُوْلَ عُمْرِيْ

تو لومڑی/لومڑ نے کہا: جی ہاں بلکہ یہ تو اس (پانی) سے زیادہ میٹھا ہے جس کا میں نے ساری زندگی مزہ لیا/جو میں نے ساری زندگی چکھا

وَلِذٰلِكَ تَرَيْنَنِيْ بَاقِياً هُنَا لَا أُرِيْدُ الْخُرُوْجَ.

اور اسی وجہ سے تو مجھے یہاں باقی/ثابت دیکھ رہی ہے کہ میں (اس کنویں سے) نہیں نکلنا چاہتی۔

تَفَضَّلِيْ انْزِلِيْ لِتُشَارِكِيْنِيْ فِيْهِ.

مہربانی کر (تو بھی کنوئیں میں) اُتر آ، تاکہ تو اِس (میٹھے پانی) میں میرے ساتھ شریک ہو جائے۔

فَاغْتَرَّتِ الْعَنْزُ بِهٰذَا الْكَلَامِ وَوَثَبَتْ إِلٰی دَاخِلِ الْبِئْرِ

تو بکری اس بات سے دھوکا کھا گئی اور کنویں کے اندر کُود پڑی/اس نے کنویں کے اندر چھلانگ لگادی۔

وَ أَخَذَتْ تَشْرَبُ حَتّٰى رَوِيَتْ.

اور اس نے (پانی) پینا شروع کر دیا یہاں تک کہ رَج گئی/سیراب ہو گئی۔

وَ أَمَّا الثَّعْلَبُ فَوَثَبَ عَلٰى ظَهْرِهَا وَخَرَجَ إِلٰى وَجْهِ الْأَرْضِ.

اور لیکن لومڑی/اور رہی لومڑی تو وہ اس (بکری) کی پیٹھ پر چڑھ گئی اور زمین کی سطح کی طرف نکل آئی۔

وَ بَقِيَتِ الْعَنْزُ حَائِرَةً لَا تَدْرِيْ كَيْفَ تَخْرُجُ.

